www.ustaman.com.pk

روزنامہ استمان مستونگ

چیف ایڈیٹر: منیر احمد

جلد نمبر۔ 20 جمعرات 24 ستمبر 2026ء 11 ربیع الثانی 1448ھ قیمت 10 روپے۔ شمارہ نمبر 85

Daily USTAMAN ABC Certified E-mail: ustamanmail@gmail.com

نیویارک: وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب ورلڈ اکنامک فورم کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

شہباز شریف اور عالمی رہنماؤں کی ملاقاتیں

نیویارک (آن لائن) نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر وزیراعظم شہباز شریف کی عالمی رہنماؤں سے سائیڈ لائن ملاقاتیں جاری ہیں۔ کویت کے ولی عہد، آسٹریا کے چانسلر، صومالیہ اور کینیا کے صدور سے ملاقاتوں میں تجارت، سرمایہ کاری اور دوطرفہ تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ وزیراعظم اور گیٹس فاؤنڈیشن کے چیئرمین بل گیٹس کی بھی ملاقات ہوئی۔ وزیراعظم نے بل گیٹس کو دورہ پاکستان کی دعوت بھی دی۔ شہباز شریف نے کویت کے ولی عہد شیخ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

پی ٹی آئی کے لانگ مارچ کے پیش نظر پنجاب بھر میں دفعہ 144 نافذ

پشاور موٹر وے بند، جلسے جلوس پر پابندی

27 ستمبر سے موبائل اور انٹرنیٹ سروسز ڈاؤن گریڈ کرنے کی درخواست، عوامی امن اور جان و مال کو لاحق سنگین خطرات کے پیش نظر دفعہ 144 نافذ کی گئی، پنجاب حکومت

پنجاب حکومت نے صوبے میں امن و امان برقرار رکھنے کے لیے فوج اور رینجرز تعیناتی کی درخواست کی ہے، خط میں فوج اور رینجرز کی تعیناتی 5 اکتوبر تک مانگی گئی ہے

پشاور/لاہور/اسلام آباد (آن لائن) پی ٹی آئی کے ممکنہ لانگ مارچ کے پیش نظر پنجاب حکومت نے فوج و رینجرز کی تعیناتی کیلئے وفاق کو خط لکھ دیا ہے اور صوبے بھر میں دفعہ 144 نافذ کر دی جس کے تحت عوامی مقامات، شاہراہوں یا کھلی جگہ پر 5 سے زائد افراد کے اجتماع پر پابندی عائد کر دی گئی جبکہ ممکنہ لانگ مارچ کے پیش نظر پنجاب حکومت نے 27 ستمبر سے موبائل اور انٹرنیٹ سروسز ڈاؤن گریڈ کرنے کی بھی درخواست کر دی، پشاور موٹر وے ایم ون رات 11 بجے سے تاحکم ثانی ہر قسم کی ٹریفک کیلئے بند کر دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق پنجاب حکومت نے صوبے بھر میں دفعہ 144 نافذ کر دی، نوٹیفکیشن کے مطابق پنجاب بھر میں دفعہ 144 کا نفاذ 23 ستمبر سے 5 اکتوبر تک کے لیے کیا گیا ہے، عوامی مقامات پر ہتھیار لے جانے اور ان کی نمائش پر پابندی عائد ہے۔ صوبائی محکمہ داخلہ نے عوامی مقامات، شاہراہوں یا کھلی جگہ پر 5 سے زائد افراد کے اجتماع پر پابندی عائد کر دی ہے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

☆☆☆ نیویارک: وزیراعظم شہباز شریف گیٹس فاؤنڈیشن کے چیئرمین بل گیٹس سے ملاقات کر رہے ہیں ☆☆☆

حج، عمرہ اور ورک ویزے پر سعودی عرب جانے والوں کیلئے خوشخبری

مسافروں کو ڈیسیمینیشن کے بغیر سفر کرنے کی اجازت دے دی گئی

اسلام آباد (جی این ایم) حج، عمرہ اور ورک ویزے پر سعودی عرب جانے والوں کیلئے خوشخبری آ گئی۔ مسافروں کو 10 اکتوبر تک ڈیسیمینیشن کے بغیر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

بلوچستان دہشتگردوں کے حملے ناکام

مستونگ 9 خوارج جہنم واصل
کوئٹہ حملہ ناکام، 5 دہشتگرد ہلاک
8 افغان ڈرونز مار گرائے گئے

مستونگ میں سیکورٹی فورسز نے کارروائی کرتے ہوئے ابتدائی طور پر 2 دہشتگردوں کو ہلاک کیا جبکہ فرار ہونیوالے دہشتگردوں کا تعاقب کر کے مزید 7 خوارج کو ہلاک کر دیا

کوئٹہ کے نواحی علاقے اغبرگ میں پولیس چوکی پر نامعلوم افراد کی جانب سے فائرنگ کی گئی جوابی فائرنگ میں 5 دہشتگرد مارے گئے، تربت میں 2 دہشتگردوں کو ہلاک کر دیا

کوئٹہ / کرم / مستونگ / تربت / راولپنڈی (آن لائن) افواج پاکستان نے افغان طالبان رجیم کی جانب سے مبینہ طور پر ڈرونز کے ذریعے فضائی حدود کی خلاف ورزی کی کوشش ناکام بنا دی، پاکستانی حدود میں داخل ہونے والے 8 ڈرونز مار گرائے گئے، کرم سیکٹر میں افغان طالبان کی جانب سے پاکستانی سرحدی چوکیوں پر بلا اشتعال فائرنگ کی گئی تاہم پاکستانی فورسز کا منہ توڑ جواب دیتے ہوئے دشمن کی توپیں خاموش کرا دیں، جبکہ مستونگ میں سیکورٹی فورسز کی کارروائی کے دوران ان 9 خوارج دہشت گرد مارے گئے۔ کوئٹہ کے نواحی علاقے اغبرگ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر کا عمران کی بہنوں سے اظہار یکجہتی کے موقع پر اہل خانہ کے ہمراہ گروپ فوٹو

ایران نے اپنا موقف اور شرائط امریکا تک پہنچا دیں، اسماعیل بقائی

بحری ناکہ بندی، معاشی جنگ کا خاتمہ اور ایرانی اثاثوں کی بحالی بھی شامل ہے، ترجمان ایرانی وزارت خارجہ

تہران (آن لائن) ایرانی وزارتِ خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے کہا ہے کہ نیو یارک میں امریکی فریق کے ساتھ رابطہ قطری ثالث کے ذریعے ہوا ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ ایران نے اپنا موقف اور شرائط (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

پی ٹی آئی کا جھوٹا سیاسی بیانیہ صرف سوشل میڈیا تک محدود ہے، عطا تارڑ

خیبر پختونخوا میں دانش اسکول قائم کیے جا رہے ہیں، جب بھی صوبے کے عوام پاکستان مسلم لیگ (ن) کو حکومت کرنے کا موقع دیں گے

ان شاء اللہ ایک دن ایسا آئے گا جب خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی کا نام ونشان تک باقی نہیں رہے گا، مسلم لیگ (ن) ترقی پر یقین رکھتی ہے

پشاور (آن لائن) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کا سیاسی بیانیہ سوشل میڈیا پر جھوٹ اور شعبدہ بازی پر مبنی ہے، پاکستان مسلم لیگ (ن) ترقی پر یقین رکھتی ہے، پی ٹی آئی حکومت نے خیبر پختونخوا کو تباہی اور بربادی کے سوا کچھ نہیں دیا، خیبر پختونخوا میں دانش اسکول قائم کیے جا رہے ہیں، جب بھی صوبے کے عوام پاکستان مسلم لیگ (ن) (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

پاکستان کا پہلا قومی اقتصادی مشن شروع، برآمدات 100 ارب ڈالر تک لے جانے کا ہدف

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان نے اپنا پہلا قومی اقتصادی مشن برآمدات میں تیزی، پیداوار، معیار، جدت اور برانڈنگ شروع کر دیا، جس کے تحت 2030 تک برآمدات 63 ارب ڈالر اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

جماعت اسلامی اسلام آباد
Jamaat-e-Islami Islamabad
امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن اسلام آباد میں پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

ہرمز جہازوں کیلئے نئی پابندی، ایران کا خلاف ورزی پر بھاری جرمانہ

تہران (آن لائن) ایران نے آبنائے ہرمز سے اپنی مقررہ اجازت یا قواعد کی خلاف ورزی کرتے ہوئے گزرنے والے تجارتی جہازوں کے خلاف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

پاکستان مقدس مقامات کے تحفظ کیلئے سعودی عرب کیساتھ کھڑا ہے، شہباز شریف

سعودی عرب کیخلاف حوثیوں کے حالیہ حملوں بالخصوص مقدس شہر مکہ مکرمہ پر ڈرون حملے کی کوشش قابل مذمت ہے، بیان

حرمین شریفین کی حرمت، تقدس اور سلامتی کو لاحق کوئی بھی خطرہ دنیا بھر کے مسلمانوں کے جذبات کو شدید مجروح کرتا ہے

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان سعودی عرب کی خودمختاری، سلامتی اور اسلام کے مقدس ترین مقامات کے تحفظ کیلئے سعودی عرب کے ساتھ کھڑا ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے سعودی عرب کے قومی دن پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ سعودی عرب کی ترقی اور خوشحالی پاکستان کیلئے بھی باعث فخر ہے، پاکستان کو سعودی عرب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

کوئٹہ، بلوچستان کے علاقے قلات میں ایدھی ایمبولینس اغوا کر لیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) صوبہ بلوچستان میں ایدھی ایمبولینس اغوا کر لیا گیا صوبہ بلوچستان کی ایدھی ایمبولینس بی ایل ایس EA2008 سول اسپتال قلات سے 110 کلومیٹر کے فاصلے پر گیڈر کے ایریا میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

پشتون کلچر ڈے پر وزیراعلیٰ بلوچستان کی پشتون برادری کو مبارکباد

پشتون ثقافت بلوچستان کی تہذیبی شناخت کا اہم اور خوبصورت حصہ ہے، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پشتون کلچر ڈے کی مناسبت سے تمام پشتون برادری کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ پشتون (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

فکسڈ ٹیکس اسکیم بھی ناکام، صرف 2 نئے دکاندار شامل

50 ارب روپے سالانہ وصولی کا ہدف، اب تک محض 26 ملین روپے جمع ہو سکے

اسلام آباد (آن لائن) تاجروں کیلئے حکومت کی جانب سے متعارف کرائی گئی ایک فیصد فکسڈ ٹیکس اسکیم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

مکہ جوائنٹ ڈیفنس ایگریمنٹ: لیفٹیننٹ جنرل (ر) نعمان محمود پہلے سیکرٹری جنرل مقرر

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان نے مکہ جوائنٹ ڈیفنس ایگریمنٹ کے تحت لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ نعمان محمود کو پہلا سیکریٹری جنرل مقرر کرنے کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل پشتون کلچر ڈے کی مناسبت سے کیک کاٹ رہے ہیں

چیئرمین سینیٹ سرکاری دورے پر بیلاروس روانہ

اسلام آباد (آن لائن) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی سرکاری دورے پر بیلاروس روانہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

دہشتگرد بلوچستان کے امن کو سبوتاژ کرنے میں کامیاب نہیں ہونگے، میر سرفراز بگٹی

صوبہ بلوچستان کے عوام کے جان و مال کے تحفظ اور امن کے قیام کے لیے ریاستی ادارے پوری قوت سے سرگرم عمل ہیں، بیان

آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت دہشتگردوں کیخلاف کارروائیاں آخری دہشتگرد کے خاتمے تک جاری رہیں گی، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مستونگ کے علاقے کنک وادی میں دہشتگردوں کے خلاف سیکورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی کو قابل تحسین قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ کنک وادی میں 9 دہشتگردوں کی ہلاکت سیکورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

مستونگ میں سیکورٹی فورسز کی بروقت کارروائی قابل تحسین ہے، بابر یوسفزئی

صوبے میں دہشتگردی کے مکمل خاتمے اور عوام کے تحفظ کے لیے ریاستی ادارے پرعزم ہیں

کوئٹہ (آن لائن) معاون خصوصی وزیر داخلہ بلوچستان بابر یوسفزئی نے کہا ہے کہ مستونگ کے علاقے کنک وادی میں سیکورٹی فورسز کی بروقت اور موثر کارروائی قابل تحسین ہے۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق کنک وادی میں کارروائی کے دوران 9 دہشتگرد ہلاک کیے گئے، جو دہشتگردی کے خلاف جاری کارروائیوں میں اہم پیش رفت ہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

او آئی سی مسئلہ کشمیر کو عالمی ایجنڈے پر سرفہرست رکھے، اسحاق ڈار

بھارت کی جانب سے کوئی ملکی قانون، عدالتی فیصلہ یا آبادی کے تناسب میں تبدیلی حق خودارادیت کا متبادل نہیں ہو سکتا

مسئلہ کشمیر کا پائیدار حل مذاکرات، سفارتکاری، بین الاقوامی قانون اور کشمیری عوام کی خواہشات کے مطابق ہی ممکن ہے

نیویارک (آن لائن) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے ایک بار پھر واضح کیا ہے کہ جموں و کشمیر کا تنازع تقریباً 8 دہائیوں سے حل طلب ہے اور اس کا پائیدار حل مذاکرات، سفارتکاری، بین الاقوامی قانون اور کشمیری عوام کی خواہشات کے مطابق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

حکومت اور اپوزیشن مذاکرات کا ایجنڈا کیا ہوگا؟ حکمت عملی طے

مذاکرات میں آئینی تقاضوں کو ملحوظ خاطر رکھا جائے گا، حکومتی ذرائع

اسلام آباد (جی این ایم) سینیٹ اور قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈرز کی جانب سے مذاکرات کی پیشکش پر وفاقی حکومت نے مذاکرات کے حوالے سے اپنی حکمت عملی طے کر لی۔ رپورٹ کے مطابق حکومت نے اپوزیشن سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

خیبر پختونخوا کے حالات خراب ہیں، گورنر راج پر غور ہو رہا ہے، بیرسٹر عقیل

صوبے میں گورننس کے ایشوز ہیں، عوام کو بے یارو مددگار چھوڑ دیا گیا ہے، وزیر مملکت

اسلام آباد (آن لائن) وزیر مملکت بیرسٹر عقیل ملک نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا کے حالات خراب ہیں اور وہاں گورنر راج کے حوالے سے غور ہو رہا ہے۔ ایک نجی ٹی وی چینل سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر مملکت بیرسٹر عقیل ملک نے کہا کہ آرٹیکل 232 کے تحت گورنر راج لگانے کے حوالے سے غور کر رہے ہیں۔ بیرسٹر عقیل ملک کا کہنا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

وزیراعظم کی نیویارک میں گیٹس فاؤنڈیشن کے چیئرمین بل گیٹس سے ملاقات

شہباز شریف کا پاکستان سے پولیو کے مکمل خاتمے کیلئے گیٹس فاؤنڈیشن کی معاونت کا شکریہ، دورہ پاکستان کی دعوت

نیویارک (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف سے نیویارک میں گیٹس فاؤنڈیشن کے چیئرمین بل گیٹس نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران وزیراعظم نے رواں ماہ کے اوائل میں گیٹس فاؤنڈیشن کی ٹیم کے حالیہ دورہ پاکستان کا ذکر کرتے ہوئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

جماعت اسلامی کے ذمہ دارانہ اور حب الوطنی کے طرز عمل کو سراہتے ہیں، عبدالعلیم خان

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر مواصلات و صدر آئی پی پی عبدالعلیم خان نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی کے ذمہ دارانہ اور حب الوطنی کے طرز عمل کو سراہتے ہیں، ہر مسئلے کا حل بات چیت اور ڈائیلاگ میں ہی ہے۔ جماعت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

چمن سمیت بلوچستان کے کئی علاقوں میں زلزلے کے جھٹکے

شدت 3.8، گہرائی 12 کلومیٹر اور مرکز چمن کے قریب واقع پہاڑی سلسلے میں تھا، زلزلہ پیما مرکز

اسلام آباد (آن لائن) چمن سمیت بلوچستان کے کئی علاقوں میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے، جس سے لوگوں میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلے کی شدت 3.8، گہرائی 12 کلومیٹر ریکارڈ کی گئی جبکہ مرکز چمن کے قریب واقع پہاڑی سلسلے میں تھا۔ زلزلے کے بعد لوگ کلمہ طیبہ کا ورد کرتے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

محسن نقوی کی سربراہ ایرانی پاسداران انقلاب جنرل احمد وحیدی سے ملاقات

تہران (آن لائن) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے سربراہ پاسداران انقلاب جنرل احمد وحیدی سے ملاقات کی ہے۔ ترجمان وزارت داخلہ کے مطابق ملاقات میں محسن نقوی اور جنرل احمد وحیدی کے درمیان مشرق وسطیٰ کی صورت حال پر تبادلہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

وزیر خزانہ کی بوئنگ گلوبل کے صدر سے ملاقات، پی آئی اے بیڑے کی جدید کاری پر گفتگو

طیاروں کی جلد ترسیل کے ممکنہ مواقع اور عبوری مدت کے لیے طیارے لیز پر لینے کے انتظامات کا بھی جائزہ لیا گیا

نیویارک (آن لائن) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس میں شرکت کے دوران بوئنگ گلوبل کے صدر ڈاکٹر برینڈن نیلسن سے ملاقات کی۔ ملاقات میں پی آئی اے کے فضائی بیڑے کی جدید کاری اور پاکستان کے ایوی ایشن شعبے میں وسیع تر تعاون پر تبادلہ خیال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)


وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال گوجرانوالہ تعلیمی بورڈ کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پاکستان دنیا اور دہشتگردی کے درمیان دیوار کی مانند کھڑا ہے، محسن نقوی

امریکی سفیر نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی لازوال قربانیوں کا اعتراف کرتے ہوئے انہیں سراہا

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے امریکی سفیر نیٹلی بیکر کی ملاقات، پاک امریکہ باہمی تعلقات کے فروغ پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے امریکی سفیر نیٹلی بیکر نے اہم ملاقات کی، جس میں پاک امریکا تعلقات کے فروغ، سرمایہ کاری کے نئے مواقع اور علاقائی سکیورٹی کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزارت داخلہ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق ملاقات میں خطے کے امن و استحکام اور دوطرفہ باہمی رابطوں کو مزید مستحکم کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ اس موقع پر امریکی سفیر نیٹلی بیکر نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی لازوال قربانیوں کا اعتراف کرتے ہوئے انہیں سراہا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

ہمیں اچھی طرح معلوم ہے ہم نے کس سے بات کرنی ہے، بیرسٹر گوہر

جو کیا جا رہا ہے جمہوریت کیلئے خطرناک ہے، حکومت کی بات چیت کی پیشکش صرف پیشکش ہے اس میں عملی کچھ نہیں ہے

بدقسمتی سے ابھی بات نہیں ہو رہی، بانی پی ٹی آئی کے خاندان کے چار لوگ اور آٹھ اراکین اسمبلی گرفتار، وزراء لاپتہ ہیں

لاہور (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ ہمیں معلوم ہے کہ ہم نے کس سے بات کرنی ہے، بات ہونی چاہیے لیکن بدقسمتی سے ابھی بات نہیں ہو رہی، بانی پی ٹی آئی کے خاندان کے چار لوگ اور آٹھ اراکین قومی اسمبلی گرفتار اور وزراء لاپتہ ہیں، خیبر پختونخوا میں اراکین قومی وصوبائی ہمارے ہیں لیکن سکہ آپ کا چلتا ہے یہ جمہوریت کیلئے خطرناک ہے۔ یہاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ میں بانی پی ٹی آئی کی بہنوں سے اظہار یکجہتی کیلئے لاہور آیا ہوں، بانی پی ٹی آئی کی بہنوں کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

یوکرین کا بھارت سے روسی تیل نہ خریدنے کا مطالبہ

اگر یہ لوگ روس کے ساتھ اپنی توانائی کی تجارت بند کر دیتے ہیں تو روس کو جنگ لڑنا بند کرنا پڑے گا، زیلنسکی

کیف (آن لائن) یوکرین کے صدر ولادیمیر زیلنسکی نے روس کے ساتھ بھارت کی تیل کی تجارت کو ختم کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ماسکو کی معیشت اپنی اقتصادی ترقی کے لیے بھارت، چین اور ترکیہ پر بہت زیادہ انحصار کرتی ہے۔ زیلنسکی نے یہ ریمارکس امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے لنڈسے اوگراہم کی جانب سے روس اور ایران پر پابندیوں کے قانون پر دستخط کرنے کے چند دن بعد دیے۔ یہ قانون ٹرمپ کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی کونسل آف دی ریپبلک کی چیئرپرسن جمہوریہ بیلاروس سے ملاقات کر رہے ہیں

وفاقی وزیر داخلہ کا مستونگ میں 9 دہشت گردوں کی ہلاکت پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بلوچستان کے ضلع مستونگ میں "آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت دہشت گردوں کے مذموم عزائم کو خاک میں ملانے اور 9 دہشت گردوں کو جہنم رسید کرنے پر سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی زبردست تعریف کی ہے۔ وزارت داخلہ سے جاری بیان کے مطابق محسن نقوی نے کہا کہ سکیورٹی فورسز کے بہادر سپوت پوری قوم کا فخر ہیں اور ان کی یہ بروقت اور دلیرانہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

پاکستان سنگل ونڈو نے گھر بیٹھے بائیومیٹرک تصدیق کی سہولت متعارف کرا دی

پی ایس ڈبلیو نے نادرا کی پاک آئی ڈی موبائل ایپ کے ساتھ اپنا پلیٹ فارم مربوط کر دیا

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان سنگل ونڈو نے نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) کی پاک آئی ڈی موبائل ایپ کے ساتھ اپنے پلیٹ فارم کو مربوط کر دیا ہے، جس کے بعد صارفین گھر بیٹھے اپنے اسمارٹ فونز کے ذریعے بائیومیٹرک تصدیق کا عمل مکمل کر سکیں گے۔ نئی سہولت کے تحت پاکستان سنگل ونڈو صارفین کو سبسکرپشن، سبسکرپشن کی تجدید اور پروفائل اپ ڈیٹ کے لیے بائیومیٹرک تصدیق کرانے کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

چیئر پرسن بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد کی نوشکی میں پولیو ٹیم پر حملے کی مذمت

اسلام آباد (آن لائن) چیئر پرسن بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد نے نوشکی میں پولیو ٹیم پر حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ نوشکی میں پولیو ٹیم کی حفاظت پر مامور دو پولیس اہلکاروں کی شہادت پر دلی افسوس اور رنج ہے۔ سینیٹر روبینہ خالد نے کہا کہ پولیو ٹیم کی حفاظت کرتے ہوئے شہید ہونے والے پولیس اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔ شہید پولیس اہلکاروں محمد یاسر اور عبدالرف کی قربانی کو قوم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے ایڈووکیٹ امان اللہ کنرانی ملاقات کر رہے ہیں

روزنامہ اُستمان مستونگ
چیف ایڈیٹر: منیر احمد

پبلشر شعیب احمد چیف ایڈیٹر منیر احمد نے انڈس پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر آفس روزنامہ اُستمان مستونگ کیلون روڈ یونیورسل کمپلیکس سیکنڈ فلور فلیٹ نمبر 204 سے شائع کیا۔
موبائل نمبر۔0333-7999560 فون نمبر۔081-2443797

پٹرول سبسڈی!

ہم اپنا گریبان چاک کرنے کے اسباب پیدا کرنے اور پھر دامن کو چاک کرنے کے جتنے مرضی انداز اپنالیں فطرت نے اپنے اصول نہیں بدلنے۔ سورج کے طلوع اور غروب ہونے کے اوقات میں تبدیلی نہیں آتی۔ ہے جرم ضعیفی کی سزا مرگ مفاجات کا اصول بھی قائم رہنا ہے۔ وقت کبھی بھی نہیں تھمتا۔ ماضی میں حکومتوں نے خاص طور پر بے نظیر دور میں مرے گاوں میں بجلی آئی ہے" جیسے جذباتی اشتہاروں کی آڑ میں ملک وقوم کو آئی پی پیز کے ساتھ معاہدوں کے جال میں جیسے جکڑا ہے اس سے اب بھیانک مستقبل ہمارا منتظر ہے۔ یہ خلیج کی جنگ تو ایک معمولی سبب ہے اس لئے کہ اس سے دنیا کے باقی ممالک میں وہ معاشی تباہی سامنے نہیں آئی جس کا ہم سامنا کر رہے ہیں۔ ہمارے ہاں بحران کا ایک بڑا سبب ایک طبقے کی ہوس ہے جس کے بارے میں کہا گیا ہے کہ "اے ہوس زادو بچادو کچھ تو خلقت کے لئے۔ اور زندہ رہ سکو گے کتنی مدت کے لئے"۔ خلقت پر ناگہانی بوجھ کو کچھ کم کرنے کے لئے حکومت نے اچھا کیا کہ کم آمدنی والے طبقے کے لئے پٹرول کی قیمت میں کمی سمیت بچت کے کئی منصوبوں کا اعلان کیا - اعلان ہوا ہے کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ملک بھر میں سادگی و کفایت شعاری مہم کی منظوری کا آغاز حکومت اور اشرافیہ کی قربانی سے کیا ہے۔ معاشی طور پر کمزور اور متوسط طبقے کیلئے فیول سبسڈی کا آغاز ہو چکا ہے۔ موٹر سائیکل، رکشہ اور 800 سی سی گاڑیوں کو 100 روپے فی لٹر کے تناسب سے سبسڈی فراہم کی جارہی ہے۔ اجلاس میں سرکاری گاڑیوں کے لیے ایندھن میں تین ماہ کے لیے 50 فیصد کمی کے اقدام پر عملدرآمد کی منظوری دی گئی۔ ایمبولینسز، فائر بریگیڈ، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور ضروری خدمات کی گاڑیاں اس اقدام سے مستثنیٰ ہوں گی جبکہ انتظامی یا غیر آپریشنل نوعیت کی گاڑیوں کے لیے استثنا کی اجازت نہیں ہوگی۔ اجلاس میں مالی سال 2026-27ء کے نان ای آر ای بجٹ میں 5 فیصد کمی، سرکاری سطح پر ہر قسم کی نئی گاڑیوں کی خریداری پر مکمل پابندی اور آئی ٹی سے متعلق خریداری کے علاوہ تمام پائیدار اشیاء کی خریداری پر بھی پابندی عائد کردی گئی۔ تین ماہ کے لیے سرکاری دوروں اور بیرون ملک سفری سرگرمیوں پر بھی پابندی عائد کردی گئی۔ ناگزیر بیرون ملک دوروں کی صورت میں وزراء، مشیران، وزرائے مملکت، معاونین خصوصی اور سرکاری افسران اکانومی کلاس میں سفر کریں گے۔ حکومت کے زیراہتمام سرکاری سیمینارز، تربیتی پروگراموں اور کانفرنسوں کے انعقاد میں غیرضروری اخراجات سے گریز کرنے کی بھی منظوری دی گئی۔ دکانیں، مارکیٹس، شاپنگ مالز، بازار اور دیگر عمومی کاروباری مراکز رات 9 بجے جبکہ شادی ہالز اور دیگر تقریبات کے مقامات رات 10 بجے تک بند ہوں گے۔ ریستوران، کیفے، کھانے پینے کے مراکز اور سٹینڈ الون فروٹ وسبزی کی دکانوں کے لیے بندش کا وقت رات 11 بجے مقرر کرنے کا فیصلہ کیا گیا جبکہ فارمیسیز، طبی مراکز، ہسپتال، بیکریاں، پٹرول و سی این جی سٹیشنز، الیکٹرک وہیکل چارجنگ سٹیشنز، جم، کھیلوں کی سہولیات، آئی ٹی کمپنیوں اور کال سینٹرز کو اوقات کار کی پابندیوں سے استثنا دیا گیا ہے۔ اللہ کرے اس طرح کچھ بچت ہو سکے اس لئے کہ محمد خان جونیجو کے دور میں تو اعلیٰ ترین حکام کے لئے سوزوکی کار کے استعمال کا فیصلہ ہوا تھا اور چیف مارشل لا ایڈمنسٹریٹر ضیا الحق نے تو سائیکل چلا کر سادگی کا مظاہرہ بھی کیا تھا مگر ڈھاک کے وہی تین پات۔ دوسری طرف صورت حال یہ ہے کہ حکومت اور اپوزیشن کی محاذ آرائی نے بچت کے منصوبے کو بھی نئے تبصروں کا موضوع بنالیا ہے۔ پاکستان میں اقتدار کی رسہ کشی کی تاریخ گواہ ہے کہ ہمارے راہنماوں نے اتنے برسوں میں بھی کچھ نہیں سیکھا۔ کسی نے اس ہمت کا مظاہرہ نہیں کیا جس کی بنیاد صبر ہوتا ہے۔ اپوزیشن اتحاد کے مطابق لاہور میں شاہراہ قائداعظم کے مرکز یعنی پنجاب اسمبلی چوک میں جماعت اسلامی کے دھرنوں کو نہ چھیڑنے اور خیبر پختون خواہ کے وزیراعلیٰ کے میزبانوں کی بروقت گوشمالی کرتے جانے سے جماعت اسلامی کی قاضی حسین احمد والی شہرت خاصی متاثر ہوئی ہے شاید اسی لئے جماعت کے گڑھ کراچی میں جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے ایک جلسہ عام میں طنز کیا ہے کہ ہمارے کچھ دوست مہنگائی پٹرول کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کے خلاف دھرنے دیتے ہیں حکومت سے مذاکرات کرتے ہیں، مہنگائی اور بڑھ جاتی ہے۔ عوام ہاتھ جوڑ کر کہتے ہیں کہ آپ یہ دھرنے بند کردیں۔ بات حکومت کی بچت سکیم کی ہو رہی تھی۔ اسی بچت پروگرام کے ایک حصے یعنی چھوٹی ٹرانسپورٹ کے لئے سستے پٹرول کے اعلان بلکہ زبردست تشہیر کے بعد لوگ خوش ہو کر نکلے تو پمپ مالکان یہ کہہ کر مایوس کر دیا کہ انہیں تو نہ اعتماد میں لیا گیا ہے اور نہ ہی ان کے حصے کا تکنیکی کام کیا گیا ہے۔ اب اگرچہ ہنگامی طور پر زوم کانفرنس سے مسئلہ حل ہو گیا ہے لیکن یہ ضرور دیکھا جانا چاہیئے کہ وزیراعظم کے اتنے بڑے اعلان کے بعد یہ بحران کیوں پیدا ہوا اور بدنامی کا باعث کون تھے۔ اس بچت اعلان کے ساتھ ہی ایک دلچسپ بات یہ ہوگئی کہ وزیراعظم شہباز شریف اس اعلان کے بعد ایک خصوصی طیارے میں برطانیہ کے 2 روزہ دورے پر لندن چلے گئے۔ طیارے کی ری فیولنگ کیلئے وفد نے استنبول میں دو گھنٹے سٹاپ اوور بھی کیا۔ بتایا گیا ہے کہ لندن میں قیام کے دوران وزیراعظم اپنا چیک اپ کرائیں گے اور پھر وہیں سے وہ اور ان کی ٹیم امریکہ روانہ ہو جائے گی جہاں 25 ستمبر کو میاں شہباز شریف جنرل اسمبلی سے خطاب کرینگے۔ اب اگرچہ یہ دورہ پہلے سے طے تھا اور وزیر اعظم لندن میں پہلے بھی چیک اپ کے لئے یا بیرونی دوروں کے لئے خصوصی طیارے پر ہی جاتے ہیں لیکن مخالفین کے لئے بچت کے اعلان کے بعد ان کا اس طرح جانا لندن میں چیک اپ اور پھر امریکہ میں اہم خطاب شاید بہت پریشانی کا باعث بنا ہے۔ اب بچت کے مثبت پہلوؤں سے زیادہ باتیں اس سفر کی ہوں گی کیونکہ خلقت شہر تو کہنے کو فسانے مانگے۔ اور پھر معاملہ کوئی بھی ہو ہمارے ہاں تو کسی کے لئے اس میں خوشی اور کسی کے لئے غم کا پہلو نکل ہی آتا ہے۔

ماہرِ خارجہ امور اور عالمی پالیسی کے دانشور تک

پاکستان کی سیاسی تاریخ میں بعض شخصیات ایسی ہوتی ہیں جن کی شناخت محض کسی ایک سیاسی جماعت، ایک انتخابی حلقے یا ایک حکومتی عہدے تک محدود نہیں

تحریر: منیر احمد

رہتی۔ ان کی زندگی صحافت، سیاست، پارلیمان، خارجہ امور، قومی سلامتی، سفارت کاری اور عالمی تعلقات کے مختلف ادوار سے گزرتی ہے۔ مشاہد حسین سید بھی ایسی ہی شخصیات میں شمار ہوتے ہیں، جنہوں نے تقریباً پانچ دہائیوں پر محیط اپنے سفر میں پاکستان کی سیاست اور خارجہ پالیسی کے کئی اہم مراحل کو قریب سے دیکھا اور ان میں اپنا کردار ادا کیا۔

مشاہد حسین سید 2 نومبر 1952ء کو سیالکوٹ میں پیدا ہوئے۔ ان کا تعلق ایک متوسط طبقے کے ایسے خاندان سے تھا جس میں تعلیم، قومی خدمت، فوج اور تحریکِ پاکستان کی یادیں نمایاں تھیں۔ ان کے والد کرنل (ر) امجد حسین سید پاکستان آرمی کے افسر تھے اور تحریکِ پاکستان کے سرگرم کارکن بھی رہے، جبکہ ان کی والدہ شثین سید بھی تحریکِ پاکستان کے دور کی سیاسی سرگرمیوں سے وابستہ رہیں۔ یوں مشاہد حسین سید کی ابتدائی تربیت ایک ایسے ماحول میں ہوئی جہاں پاکستان، قومی خدمت اور سیاسی شعور محض کتابی موضوعات نہیں بلکہ خاندانی تجربات کا حصہ تھے۔

ان کے والد کرنل امجد حسین سید کا تعلق لاہور کے ایک ممتاز سید خاندان سے بتایا جاتا ہے۔ وہ نوجوانی میں اسلامیہ کالج لاہور سے وابستہ ہوئے اور تحریکِ پاکستان کے ابتدائی زمانے میں مسلم لیگ کی سرگرمیوں میں شریک رہے۔ علامہ محمد اقبال سے ان کی ملاقات اور قربت کا ذکر بھی ملتا ہے۔ 1937ء کے لکھنو مسلم لیگ اجلاس اور 1940ء کے لاہور کے تاریخی مسلم لیگ اجلاس میں ان کی شرکت ان کے سیاسی سفر کے اہم واقعات میں شمار ہوتی ہے۔ بعدازاں انہوں نے فوج میں شمولیت اختیار کی، پاکستان بننے کے بعد پاکستان آرمی میں خدمات انجام دیں اور کرنل کے عہدے سے ریٹائر ہوئے۔ ان کی تحریکِ پاکستان کی خدمات کے اعتراف میں انہیں گولڈ میڈل بھی دیا گیا۔ یہ خاندانی پس منظر سمجھنے سے مشاہد حسین سید کی قومی اور سیاسی سوچ کی بنیادوں کو سمجھنا آسان ہو جاتا ہے۔

مشاہد حسین سید نے اعلیٰ تعلیم حاصل کی اور سیاست و بین الاقوامی تعلقات کے مطالعے سے اپنی فکری بنیاد مضبوط کی۔ انہوں نے فورمین کرسچن کالج لاہور سے تعلیم حاصل کی جبکہ بعدازاں جارج ٹاؤن یونیورسٹی، امریکہ کے اسکول آف فارن سروس سے اعلیٰ تعلیم حاصل کی۔ پنجاب یونیورسٹی میں سیاست اور بین الاقوامی تعلقات کی تدریس سے بھی وابستہ رہے۔ اس علمی پس منظر نے آگے چل کر ان کی شخصیت کو ایک ایسے سیاست دان میں تبدیل کیا جس کی دلچسپی صرف اقتدار یا انتخابی سیاست تک محدود نہیں رہی بلکہ عالمی سیاست، خارجہ پالیسی اور علاقائی معاملات بھی ان کے موضوعات کا مستقل حصہ بن گئے۔

صحافت سے سیاست تک

صحافت ان کے سیاسی سفر کا ایک اہم سنگِ میل ثابت ہوئی۔ وہ اسلام آباد سے شائع ہونے والے انگریزی روزنامہ The Muslim کے ایڈیٹر رہے۔ اس زمانے میں افغانستان، سوویت یونین، امریکہ، پاکستان، مسلم دنیا اور سرد جنگ عالمی سیاست کے بڑے موضوعات تھے۔ مشاہد حسین سید نے ان معاملات پر لکھتے ہوئے قومی اور بین الاقوامی امور کے مبصر کی حیثیت سے اپنی شناخت قائم کی۔ صحافت نے انہیں صرف قلم نہیں دیا بلکہ سیاسی ابلاغ، دلیل، تجزیے اور عالمی میڈیا سے رابطے کا وسیع تجربہ بھی فراہم کیا۔

1990ء کی دہائی میں ان کا عملی سیاسی سفر مزید نمایاں ہوا۔ وہ وفاقی حکومت میں مختلف ذمہ داریوں پر فائز رہے اور مواصلات سمیت اہم وزارتوں اور حکومتی معاملات سے وابستہ ہوئے۔ وسطی ایشیا سے متعلق حکومتی سطح کی سرگرمیوں میں بھی ان کا کردار رہا۔ اس دور میں سوویت یونین کے خاتمے کے بعد وسطی ایشیا کی نئی ریاستیں وجود میں آرہی تھیں اور پاکستان کے لیے ان ممالک کے ساتھ سیاسی، معاشی اور سفارتی روابط ایک نئی اہمیت اختیار کر رہے تھے۔

1997ء میں مشاہد حسین سید سینیٹ آف پاکستان کے رکن منتخب ہوئے اور وزیراعظم نواز شریف کی حکومت میں وفاقی وزیر اطلاعات و میڈیا ڈویلپمنٹ کی ذمہ داری سنبھالی۔ یہ ان کے صحافتی تجربے اور حکومتی سیاست کا ایک اہم امتزاج تھا۔ وہ حکومت کے نمایاں ترجمانوں میں شمار ہوئے اور پاکستان کے ایٹمی پروگرام، کشمیر، خارجہ پالیسی اور قومی سلامتی جیسے حساس معاملات پر ملکی اور بین الاقوامی میڈیا میں پاکستان کا موقف پیش کرتے رہے۔

1998ء کے ایٹمی تجربات پاکستان کی تاریخ کا ایک غیر معمولی مرحلہ تھا۔ عالمی دباؤ، اقتصادی پابندیوں اور سفارتی تنہائی کے خدشات کے باوجود پاکستان نے اپنی جوہری صلاحیت کا اعلان کیا۔ اس پورے دور میں حکومت کے میڈیا اور سیاسی ابلاغ میں مشاہد حسین سید کا کردار نمایاں تھا۔ ایک صحافی سے وزیر اطلاعات بننے والے اس سیاست دان کے لیے یہ وہ مرحلہ تھا جب ان کی سیاسی ابلاغ کی صلاحیت براہِ راست قومی سلامتی کے بیانیے کا حصہ بنی۔

12 اکتوبر 1999ء اور سیاسی زندگی کا نیا موڑ

پھر 12 اکتوبر 1999ء آیا اور پاکستان کی سیاسی تاریخ نے ایک نیا رخ اختیار کیا۔ جنرل پرویز مشرف نے نواز شریف حکومت کا تختہ الٹ دیا۔ مشاہد حسین سید کو بھی گرفتار کیا گیا اور انہیں طویل عرصہ زیرِ حراست رہنا پڑا۔ یہ ان کی سیاسی زندگی کا مشکل ترین مرحلہ تھا، لیکن یہی تجربہ ان کے سیاسی سفر میں ایک نئے موڑ کا سبب بھی بنا۔

بعد کے برسوں میں مشاہد حسین سید مسلم لیگ (ق) سے وابستہ ہوئے اور جنرل پرویز مشرف کے دور میں قومی سیاست کے نمایاں کردار بن گئے۔ ان کی سیاسی وابستگی میں یہ تبدیلی پاکستان کے اس دور کی پیچیدہ سیاسی حقیقت کی عکاسی کرتی ہے۔ ایک طرف وہ نواز شریف حکومت کے اہم وزیر اور ترجمان رہ چکے تھے، دوسری طرف بعد میں انہوں نے نئی سیاسی صف بندی میں مسلم لیگ (ق) کے پلیٹ فارم سے فعال کردار ادا کیا۔

پاک چین تعلقات اور CPEC

ان کی شخصیت کا ایک اہم پہلو یہ ہے کہ انہوں نے اپنی سیاسی شناخت کو صرف جماعتی سیاست تک محدود نہیں رکھا۔ چین، وسطی ایشیا، کشمیر، مسلم دنیا، امریکہ، بھارت، افغانستان اور علاقائی تعاون جیسے موضوعات مسلسل ان کی گفتگو اور سیاسی سرگرمیوں کا حصہ رہے ہیں۔ خصوصاً پاک چین تعلقات ان کی سیاسی اور فکری شناخت کا ایک نمایاں ستون بن گئے۔

2009ء میں ان کی سربراہی میں China Institute-Pakistan کا قیام عمل میں آیا۔ اس ادارے کے ذریعے انہوں نے پاکستان اور چین کے تعلقات، علاقائی رابطوں، اقتصادی تعاون اور بدلتے ہوئے عالمی نظام پر پالیسی مباحث کو فروغ دیا۔ بعد میں جب چین پاکستان اقتصادی راہداری یعنی CPEC پاکستان کی قومی پالیسی کا اہم منصوبہ بن کر سامنے آئی تو مشاہد حسین سید اس کے پرجوش حامیوں اور مبصرین میں شامل رہے۔

ان کے نزدیک پاکستان اور چین کے تعلقات محض دو ریاستوں کے سفارتی تعلقات نہیں بلکہ خطے کی معاشی، سیاسی اور جغرافیائی تبدیلیوں کا اہم حصہ ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ وہ ایشیا کے ابھرتے ہوئے کردار، چین کے عالمی معاشی اثرات، CPEC اور پاکستان کی علاقائی اہمیت پر مسلسل گفتگو کرتے رہے ہیں۔

پارلیمان، دفاع اور قومی سلامتی

پارلیمانی سیاست میں بھی ان کا سفر طویل رہا۔ وہ مختلف ادوار میں سینیٹ کے رکن رہے اور خارجہ امور، دفاع، کشمیر اور قومی سلامتی سے متعلق پارلیمانی معاملات میں فعال کردار ادا کرتے رہے۔ 2018ء میں وہ دوبارہ سینیٹ کے رکن منتخب ہوئے اور اپنے آخری پارلیمانی دور میں سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے دفاع کے چیئرمین بھی رہے۔

بطور چیئرمین دفاعی کمیٹی ان کی توجہ صرف دفاعی بجٹ یا عسکری معاملات تک محدود نہیں رہی بلکہ افغانستان، دہشت گردی، سرحدی سلامتی، قومی سلامتی اور انسدادِ دہشت گردی کی حکمتِ عملی جیسے معاملات بھی ان کی پارلیمانی سرگرمیوں کا حصہ رہے۔ وہ اس بات پر زور دیتے رہے کہ دہشت گردی کے مقابلے کے لیے ریاستی اداروں کے درمیان بہتر رابطہ اور ایک مربوط قومی پالیسی ضروری ہے۔ مارچ 2024ء میں ان کی سینیٹ کی چھ سالہ مدت مکمل ہوئی۔ پارلیمان سے رخصتی کے مرحلے پر بھی ان کی گفتگو کا ایک اہم پہلو سیاسی مفاہمت تھا۔ انہوں نے ملک میں سیاسی کشیدگی کو کم کرنے، سیاسی مخالفین کے ساتھ مکالمے اور ایک دوسرے کو برداشت کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ عمران خان اور تحریک انصاف سے متعلق معاملات پر بھی انہوں نے سیاسی مفاہمت اور ''healing touch'' کی بات کی۔ یہ پہلو ان کی سیاسی شخصیت کو سمجھنے کے لیے اہم ہے کہ انہوں نے مختلف ادوار میں مختلف سیاسی جماعتوں اور حکومتی نظاموں کے ساتھ کام کیا۔

لاہور میں سہیل آفریدی کی ''پذیرائی''

آگاہ رہنے کی لت نیند سے بوجھل آنکھوں کو بھی بتیاں بجھانے سے قبل سوشل میڈیا کا پھیرا لگانے کو مجبور کرتی ہے۔ پیر کی رات اس کوچے میں گیا تو میرے ایکس اکاؤنٹ پر خیبر پختونخواہ کے وزیر اعلیٰ کی

تحریر: نصرت جاوید

تصاویر کا انبار تھا۔ تحریک انصاف کے ایک کارکن کی پولیس کی مبینہ زیادتی کی وجہ سے ہلاکت کا پرسہ دینے وہ لاہور گئے ہوئے تھے۔ مقامی پولیس کے ''حفاظتی اقدامات'' کے سائے میں گھومنے سے انکار کردیا۔ ایک دومقامات پر ان سے الجھے بھی۔

رات نو بجے کے قریب افواہ یہ پھیلی کہ پولیس نے انہیں گرفتار کرلیا ہے۔ بعدازاں وضاحت آئی کہ ان کے ہمراہ چلنے کو مصر چند کارکنان کو پولیس نے حراست میں لے لیا تھا۔ وہ ان کی رہائی کو مصر ہے۔ پولیس نے انکار کیا تو ازخود قیدیوں کے لئے مختص وین میں گھس گئے۔ اس کے ڈرائیور نے گاڑی چلادی تو نظر بظاہر چند لمحوں بعد ''دریافت'' کیا کہ سہیل آفریدی بھی ڈالے کے عقبی حصے میں موجود ہیں۔ انہیں شہر کے ایک اور مقام پر منت سماجت کے بعد وین سے اتار دیا گیا۔

اصل واقعہ کیا ہے اس کی تفصیلات رپورٹنگ کے روایتی تقاضوں کے مطابق کہیں بیان نہ ہوئی تھیں۔ بار ہا ویڈیوز ہی ایکس پر اپ لوڈ ہوتی رہیں۔ ایک میں ان کے ''حراست'' میں لئے جانے کی کہانی نشر ہو رہی تھی۔ دوسری تحریک انصاف کے حامی نہیں بلکہ مخالفین نہایت فخر وانبساط سے پوسٹ کررہے تھے۔ اس ویڈیو میں جواں سال وزیر اعلیٰ لاہور کے ایک مشہور چوک کے قریب سڑک کے کنارے بیٹھے ہوئے ہیں۔ ٹریفک مگر انہیں نظرانداز کرتے ہوئے رواں دواں ہے۔ تحریک انصاف کے مخالفین کی جانب سے اس ویڈیو کو مسلسل پوسٹ کرنے کا مقصد یہ پیغام اجاگر کرنا تھا کہ زندہ دلانِ لاہور نے تحریک انصاف کی ''انتشاری اور فسادی سیاست'' کو رد کردیا ہے۔ میڈیا میں پاکستان کی مقبول ترین جماعت مشہور ہوئی تحریک انصاف کے وزیر اعلیٰ کو اسی باعث لاہور کا کوئی رہائشی پہچانتے ہوئے بھی نظرانداز کرتے ہوئے گزر گیا۔ ان کے گرد جمع ہو کر یکجہتی کے اظہار سے گریز کو ترجیح دیتا رہا ہے۔

اس کالم کے دیرینہ قاری بخوبی جانتے ہیں کہ یہ خاکسار تحریک انصاف کی سیاست کا اس کی مقبولیت کے انتہائی زمانوں میں بھی مداح نہیں رہا۔ اپنے تحفظات کا اظہار ڈٹ کر بیان کرتا رہا ہوں۔ اس کے نتیجے میں سوشل میڈیا پر چھائے عاشقان عمران کی پھیلائی تہمتوں سے ذات پر بے تحاشہ دھبے بھی برداشت کئے۔ 2018ء کے انتخابات کے بعد عمران حکومت کے دور میں اپنی گستاخیوں کی سزا بھی بھگتی۔ سچی بات مگر یہ ہے کہ اپنے آبائی شہر لاہور میں خیبر پختونخواہ کے جواں سال وزیر اعلیٰ کو سڑک کنارے بے بسی کی حالت میں بیٹھا دیکھ کر مجھے افسوس ہوا۔ فیض صاحب کی ''یہ شہر اداس ...'' والی غزل ذہن میں گونجنے لگی۔ بوجھل دل کے ساتھ فون بند کرکے نیند کی گولی کھا کر بتیاں بجھا کر بستر میں گھس گیا۔

سہیل آفریدی کو لاہور کی ایک سڑک کنارے پر تنہا دکھاتی تصویر کو طنزیہ فقروں کے ساتھ پوسٹ کرنے والے افراد کو غالباً اندازہ ہی نہیں کہ اگر کل کلاں ان کے چہیتے رہنما بھی اسی شہر لاہور میں سہیل آفریدی جیسے حالات کا سامنا کررہے ہوں تو ان کے گرد بھی رواں ٹریفک کا ہجوم انہیں نظرانداز کرتے ہوئے آگے بڑھ جائے گا۔

سہیل آفریدی کی پیر کے روز لاہور میں ہوئی ''پذیرائی'' کا تمسخر اڑاتے افراد یہ بھول چکے ہیں کہ ثاقب نثار کی سپریم کورٹ کے ہاتھوں نااہل قرار دیے جانے کی وجہ سے 1980ء کی دہائی سے سیاسی اعتبار سے طاقتور سے طاقتور ترین ہوئے ''فرزند لاہور'' نوازشریف صاحب ملکی تاریخ میں تیسری بار وزیر اعظم کے منصب سے فارغ ہوئے تھے۔ فراغت کے بعد انہیں احتساب عدالت نے کرپشن کے الزامات کے تحت سزائیں سنائیں۔ جیل جانے سے مگر محفوظ رہے کیونکہ وہ اپنی دختر سمیت کینسر کے موذی مرض کا مقابلہ کرتی بیگم کلثوم نواز کی نگہداشت کے لئے لندن جاچکے تھے۔

2018ء کے انتخابات کے قریب وہ اپنی جماعت کی انتخابی مہم کو جاندار بنانے اپنی دختر سمیت لاہور ایئرپورٹ اترے تو انہیں وہیں سے گرفتار کرکے راولپنڈی کی اڈیالہ جیل پہنچادیا گیا۔ انتخابی مہم سے ان کی عدم موجودگی نے عمران خان کے لئے وزیر اعظم کے منصب تک پہنچنے کی راہ بنائی۔ ان ہی کے دور اقتدار میں لیکن ''خاموش رابطوں'' کے نتیجے میں ایک ڈیل ہوئی۔ جو ڈیل ہوئی اس کے تحت نواز شریف صاحب نے ''ووٹ کو عزت دو'' کا نعرہ فراموش کرتے ہوئے لندن جانے کا فیصلہ کیا۔ وہاں قیام پذیر ہوگئے تو اپنی جماعت کو ان کی مدتِ ملازمت میں تین سال توسیع کی حمایت میں ووٹ دینے کا حکم صادر فرمادیا۔ پرانے دور کی محلاتی ''ڈیلوں'' کے تحت ان کی دختر مگر لاہور ہی میں رہیں۔ ان کی وطن موجودگی درحقیقت نواز شریف کے ساتھ ہوئی ڈیل پر عملدرآمد کی ضمانت تھی۔

میں آج بھی وہ دن نہیں بھلا سکا جب عاصمہ جہانگیر کی برسی کی مناسبت سے لاہور میں ہوئے ایک اجتماع سے نوازشریف نے لندن سے بذریعہ ویڈیو لنک خطاب کرنا تھا۔ کانفرنس کے چند منتظمین کو خوف تھا کہ عاشقانِ نواز کی کثیر تعداد اپنے محبوب قائد کا خطاب سننے اس ہال پر دھاوا بول سکتی ہے جہاں یہ خطاب دکھائے جانا تھا۔ ان کے ''دھاوے'' سے محفوظ رہنے کے لئے ہوٹل کے باہر سڑک پر تین سے چار بڑی سکرینیں لگادی گئیں۔ رپورٹر کے تجسس کے ہاتھوں بے بس یہ قلم گھسیٹ نواز شریف کے لندن سے وڈیو لنک کے ذریعے ہوئے خطاب کو کانفرنس ہال میں بیٹھ کر سننے کے بجائے ہوٹل سے نکل کر سڑک کنارے نصب سکرین کی ''پذیرائی'' کا جائزہ لینے لگا۔ ان کے خطاب کے دوران مگر ٹریفک رواں رہی۔ گنتی کے قابل چند افراد بھی ''فرزند لاہور'' کا خطاب سننے کے لئے نہ رکے۔ وقت قصہ مختصر بہت ظالم ہوا کرتا ہے۔ کبھی ایک سا نہیں رہتا۔ لاہور میں سہیل آفریدی کی بے بسی اور تنہائی درحقیقت پٹرول اور ڈیزل کی ہر روز بڑھتی قیمتوں سے بوجھل دلوں میں ہمارے سیاسی تماشوں کے بارے میں شدت سے بڑھتی ہوئی بے اعتنائی ہے۔ سیاسی عمل کو ہر صورت زندہ رکھنے کو بے قرار ذہن اس کے بارے میں تحریک انصاف سے ہزاروں اختلافات کے باوجود دلشاد محسوس کر نہیں سکتا۔

چار دناں دا میلہ دنیا

کبھی کبھی زندگی میں آپ کی ایک چھوٹی سی سوچ غور وفکر کرنے سے حیرت انگیز معلومات اور انکشافات میں تبدیل ہونے لگتی ہے جس سے عقل دنگ رہ جاتی ہے۔ ایسے ہی سوچوں میں سے ایک سوچ چار عدد کے بارے میں ہے جس کی گہرائی میں جائیں تو پتا لگتا ہے کہ اس کی حقیقت اور راز کا تعین کیا ہی نہیں جاسکتا۔ جیسے کہ ہماری زندگی

تحریر: مروہ خان میرانی

کے ہر ایک اہم جزو کو اردو زبان سے دیکھا جائے تو ہر لفظ کے حروف چار ہیں۔ ذرا غور فرمایئے تو آپ دیکھیں گے کہ اللہ، رسول، کتاب، قرآن، کعبہ، طواف، مسجد، کلمہ، نماز، روزہ، سورج، چاند، زمین، دنیا، آخرت، سوال، جواب، نیکی، گناہ، نکاح، طلاق، ثواب، درخت، پہاڑ، پانی، موتی، سانس، زندہ، مردہ، بہشت، دوزخ ہر لفظ میں چار حروف استعمال ہوتے ہیں۔ اگر ایمان کی بات کی جائے تو اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے چار آسمانی کتابیں نازل فرمائیں جن سے علم حاصل کر کے ایمان کو مضبوط بنایا جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا گھر کعبہ شریف کے بھی چار کونے ہیں۔ پھر بات آتی ہے عملاً کردار کی اگر ہم غور کریں تو چاروں خلفائے راشدین کی ایک سب سے بہترین صفت ہم اپنا لیں تو ہماری شخصیت مکمل ہوسکتی ہے۔

جیسا کہ ہمارے پہلے خلیفہ حضرت ابوبکر صدیقؓ کے بارے میں نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا (جس کا مفہوم ہے) کہ تم سب نے اسلام کی دعوت قبول کرنے سے پہلے کچھ سوچا مگر ابوبکر صدیقؓ نے جیسے ہی میرے منہ سے دعوت سنی اسی وقت بغیر کسی سوچ کے اسلام قبول کر لیا۔ نبی کریم ﷺ نے ایک مرتبہ فرمایا کہ 'اپنی صحبت اور مال کے ذریعہ مجھ پر ابوبکر کا سب سے زیادہ احسان ہے اور اگر میں اپنے رب کے سوا کسی کو جانی دوست بنا سکتا تو ابوبکر کو بناتا'۔ (صحیح البخاری 3654) یعنی کہ پہلی صفت ہماری شخصیت کی وفاداری ہے جو کہ ہم ابوبکرؓ سے سیکھ سکتے ہیں۔ دوسرے خلیفہ حضرت عمر فاروقؓ کے بارے میں نبی کریم ﷺ نے فرمایا: 'قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے! جب کبھی شیطان تمہیں کسی راستے پر چلتا دیکھتا ہے، تو وہ تمہارا راستہ چھوڑ کر دوسرا راستہ اختیار کر لیتا ہے'۔ (صحیح بخاری 3683) یعنی کہ دوسری صفت نفس پہ ایسے قابو پایا جائے کہ شیطان کی وار ہمیشہ بیکار ہی رہے۔

ہمارے تیسرے خلیفہ حضرت عثمان غنیؓ ہیں۔ ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ فرماتی ہیں جب حضرت عثمانؓ ہمارے گھر تشریف لاتے تو نبی کریم ﷺ اپنے کپڑے درست فرما لیتے میں نے اس کی وجہ پوچھی تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا کیا: 'میں اس شخص سے حیا نہ کروں جس سے فرشتے حیا کرتے ہیں'۔ (صحیح مسلم 6209) سبحان اللہ جیسا کہ ہم سب جانتے ہیں کہ ایمان کی 60 شاخیں ہیں اور ان میں سے ایک شاخ حیا کی ہے۔ اور ہمارے آخری خلیفہ حضرت علیؓ کے بارے میں نبی کریم ﷺ نے غزوہ خیبر کے موقع پہ فرمایا: 'کل میں ایسے شخص کو جھنڈا دوں گا جو اللہ اور اس کے رسولؐ سے محبت کرتا ہے اور اللہ اور اس کا رسولؐ اس سے محبت کرتے ہیں، اللہ اس کے ہاتھوں فتح عطا فرمائے گا، وہ میدان سے بھاگنے والا نہیں ہے'۔ (مسلم 2405) سبحان اللہ یعنی کہ ہم حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے اللہ اور رسول ﷺ کی محبت اور شجاعت سیکھتے ہیں۔ مزید ان چاروں کی شخصیت کا مجموع رفاقت، ولایت، عدل اور غنی ہونے پہ مشتمل ہے جس سے ہم سب بہت اچھی طرح واقف ہیں۔

شخصیت کے بعد حیرت انگیز طور پہ اگر ہم نبی کریم ﷺ کی دنیاوی دعاوں پر غور کریں تو ہمیں معلوم ہوگا کہ حضور ﷺ نے چار ہی چیزوں کا سوال کیا ہے اور چار ہی چیزوں سے پناہ مانگی ہے۔ نبی کریم ﷺ کی دعا تھی 'یا اللہ! میں سوال کرتا ہوں تیرے سے ہدایت، پرہیزگاری (تقویٰ)، پاک دامنی اور دنیا سے بے پروائی کا'۔ اور دوسری حدیث میں آتا ہے۔ 'اے اللہ! میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں آزمائشوں کی سختی سے، بدبختی میں گرنے سے، برے فیصلے اور دشمنوں کے خوش ہونے سے'۔ (بخاری) ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ چار حصوں کی دعا کے بعد جب حفاظت کے لیے حصار باندھ لینے کی بات آئے تو ہمارے پاس قل بھی چار موجود ہیں: سورہ اخلاص، سورہ الناس، سورہ الفلق، اور سورہ الکافرون۔

حضور ﷺ کی نبوت کا اعلان بھی چالیس سال میں ہوا۔ صفر ہٹا دیا جائے تو چار ہی رہتا ہے۔ اور نبی کریم ﷺ کی پیاری صاحبزادیاں بھی چار ہیں: حضرت ام کلثومؓ، حضرت زینبؓ، حضرت رقیہؓ اور حضرت بی بی فاطمہؓ۔ پھر اگر ہم جسم کی غذا کے بارے میں بھی اگر سوچیں تو ہم دیکھتے ہیں ذبح کرنے کے بعد چوپائے حلال ہیں۔ چوپائے معنی جن کی چار ٹانگیں ہیں بھیڑ، بکری، اونٹ، گائے، بھینس وغیرہ۔ اسی طرح اگر ہم مزید چار عدد کے بارے میں سوچتے چلے جائیں مزید حیران کن معلومات کھلتی چلی جائیں گی۔ یہی وجہ ہے کہ اس میں شاید اولیاء اللہ نے بھی اشارتاً فرمایا: چار دناں دا میلہ دنیا، پھر مٹی دی ڈھیری۔ عدد کے معنی شمار، گنتی کرنے، گننے کے ہیں ہمیں بھی اپنی زندگیاں گن گن کر سوچ سمجھ کر پھونک پھونک کر گزارنی چاہیے کہ کہیں ہم بھی چار دن کے میلے میں خدانخواستہ اس دنیا کی اکھاڑے میں نفس کے ہاتھوں چاروں شانے چت نہ ہو جائیں۔ آمین ثم آمین

ریاست کے نئے تقاضے

وطن محض مٹی، سرحدوں اور نقشوں کا نام نہیں ہوتا بلکہ یہ ایک زندہ وجود ہے جس کا ہر ذرہ انسان کی روح اور شناخت سے جڑا ہوتا ہے۔ یہ وہ زمین ہے جو انسان کو نہ صرف پہچان فراہم کرتی ہے بلکہ اس کے

تحریر: شاہ نواز سیال

وجود کو تحفظ کا احساس اور بقا کا یقین بھی دلاتی ہے۔ جب عام آدمی خود کو اپنے گھر میں محفوظ محسوس کرے - تب ریاست کا بنیادی ڈھانچہ مضبوط ہوتا ہے۔ وطن کی مٹی سے محبت انسان کے خمیر میں شامل ہے اور یہی وجہ ہے کہ اس مٹی کا تحفظ ایمان کا لازمی جزو تصور کیا جاتا ہے۔ لیکن اس تحفظ کا مادی اور فکری توازن تبھی برقرار رہ سکتا ہے جب بیرونی دفاع کے ساتھ ساتھ اندرونی استحکام بھی مضبوط ہو۔ سرحدوں کی نگہبانی کرنے والے افواجِ پاکستان کے جوان عام آدمی کے دلوں کی دھڑکن اور اس کی محبتوں کا مرکز ہیں۔ مشرقی اور مغربی سرحدوں پر شدید موسموں اور نامساعد حالات کے باوجود یہ نوجوان سینہ تان کر کھڑے ہیں اور ایک طویل عرصے سے دہشت گردی کے خلاف جنگ لڑ رہے ہیں۔

ان کی قربانیاں اس بات کی ضامن ہیں کہ ملک کا جغرافیائی وجود قائم و دائم رہے۔ عام آدمی ان محافظوں کو دل و جان سے عزیز رکھتا ہے کیونکہ وہ جانتا ہے کہ اگر وہ رات کو سکون کی نیند سوتا ہے تو اس کے پیچھے سرحدوں پر جاگتی آنکھوں کا پہرہ ہے۔ عسکری قیادت اور جوانوں کا یہ کردار بیرونی خطرات کے سامنے ایک ناقابلِ عبور دیوار کی مانند ہے۔ تاہم ایک تلخ حقیقت یہ ہے کہ وطن کے اندرونی تحفظ، سماجی انصاف اور معاشی استحکام کی بنیادی ذمہ داری سیاسی حکومتوں پر عائد ہوتی ہے۔ عام آدمی جس کا سہارا خدا کی ذات کے بعد اس کا اپنا وطن ہوتا ہے آج اندرونی طور پر شدید معاشی اور ذہنی اذیت کا سامنا کر رہا ہے۔ مہنگائی کا ایک ایسا طوفان برپا ہے جس نے عام شہری کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے اور روزگار کے مواقع تیزی سے سکڑ رہے ہیں۔ جب نجی اداروں پر حکومتی گرفت اور چیک اینڈ بیلنس کا نظام بالکل ختم ہو جائے تو سرمایہ دارانہ نظام عام آدمی کا استحصال شروع کر دیتا ہے۔ متعلقہ وزراء اور محکموں کو بارہا متوجہ کرنے کے باوجود انتظامیہ کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگتی۔ مقامی حکومتوں اور انتظامیہ کا حال یہ ہے کہ وہ کبھی کبھار روایتی طور پر حرکت میں آتی ہیں لیکن دو تین روز کی دکھاوے کی کارروائی کے بعد صورتحال دوبارہ جوں کی توں ہو جاتی ہے۔ حکومتی شکایت سیل اور عوامی شنوائی کے مراکز عملاً غیر فعال ہو چکے ہیں جس کی وجہ سے عام آدمی کی کہیں بھی فریاد نہیں سنی جا رہی۔ مسائل کے اس انبار نے معاشرے میں مایوسی پھیلا دی ہے۔ روایتی سیاسی نظام اور موجودہ طرزِ جمہوریت پاکستان کے بنیادی مسائل کا حل پیش کرنے میں ناکام رہے ہیں۔ سیاست دانوں کی اکثریت اپنے ذاتی مفادات، کاروبار کے تحفظ اور علاقوں میں اپنی چودھراہٹ قائم کرنے کے لیے اقتدار کا کھیل کھیلتی ہے۔ جس سے عام آدمی میں صرف خوف اور محرومی جنم لیتی ہے۔ اس مخدوش صورتحال میں اب روایتی سوچ سے ہٹ کر ایک نئی آئیڈیالوجی اور متبادل نظامِ فکر کی ضرورت محسوس ہو رہی ہے۔ موجودہ صوبائی خودمختاری کے نام پر جو طرزِ حکومت چل رہا ہے اس نے مرکز کو کمزور اور صوبوں کو اپنی مرضی کرنے کی کھلی چھوٹ دے دی ہے۔ ایک ایسے نئے سیاسی و انتظامی ماڈل کی ضرورت ہے جہاں وفاق معاشی اور سکیورٹی کے لحاظ سے انتہائی مضبوط ہو تا کہ صوبے قومی پالیسیوں سے انحراف نہ کر سکیں۔ جب تک وفاق طاقتور نہیں ہوگا ملک میں یکساں قوانین کا نفاذ اور یک جہتی کا خواب پورا نہیں ہو سکتا۔ ہمیں اقتدار کی نچلی سطح تک منصفانہ منتقلی اور مضبوط مرکز کے توازن پر مبنی نیا نظام وضع کرنا ہوگا۔ سیاسی عدم توجہی کا سب سے بڑا خمیازہ پنجاب میں شعبہ تعلیم کو بھگتنا پڑا ہے جہاں تعلیمی ڈھانچہ عملاً تباہی کے دہانے پر پہنچ چکا ہے۔ یونیورسٹیوں میں اعلیٰ درجے کی تحقیق کا عمل جمود کا شکار ہے داخلوں کی شرح گر رہی ہے اور اکثر اہم شعبے اساتذہ اور طلبہ سے خالی پڑے ہیں۔ شہروں میں بلند و بالا کنکریٹ کی عمارتیں، سڑکیں اور انفراسٹرکچر تو دکھائی دیتے ہیں مگر نئی نسل کی فکری تربیت، اخلاقیات اور کردار سازی پر کوئی توجہ نہیں دی جا رہی۔ تعلیم کو محض ایک کاروبار یا عمارتوں تک محدود کر دیا گیا ہے جبکہ علم کا اصل مقصد جو کہ معاشرے کو شعور دینا تھا وہ کہیں پیچھے چھوٹ گیا ہے۔ معاشی بدحالی اور ہوش ربا مہنگائی کے براہِ راست اثرات اب امن و امان کی صورتحال پر بھی پڑ رہے ہیں۔ جب بھوک اور افلاس حد سے بڑھ جائے تو معاشرے میں چوری، چکاری اور ڈکیتی کی وارداتوں میں خود بخود اضافہ ہونے لگتا ہے۔ آج کا عام آدمی نہ صرف معاشی طور پر پس رہا ہے بلکہ گلی محلوں میں بھی لٹ رہا ہے جس سے سماجی تحفظ کا احساس بالکل ختم ہو چکا ہے۔ اس اندرونی انارکی کو روکنے کے لیے اگرچہ پولیس بنیادی ادارہ ہے لیکن ان کی ناکامی کے بعد سوال یہ پیدا ہوتا ہے۔

ریلوے ترقی اور اصلاحات کا سفر جاری

پاکستان میں ریلوے ایک ایسا قومی ادارہ ہے جس نے کئی دہائیوں تک عوامی نقل وحمل اور ملکی تجارت میں نمایاں کردار ادا کیا مگر وقت گزرنے کے ساتھ انتظامی کمزوریوں، ناکافی سرمایہ کاری، پرانا

تحریر: سید اعجاز الحسن

انفراسٹرکچر اور مالی مشکلات نے اس قومی ادارے کی کارکردگی کو متاثر کیا۔ خوش آئند امر یہ ہے کہ موجودہ دور حکومت میں پاکستان ریلوے کو دوبارہ فعال، جدید اور منافع بخش ادارہ بنانے کے لیے نئی اصلاحات کا ایک جامع عمل شروع کیا گیا ہے جس کے مثبت نتائج بتدریج سامنے آنا شروع ہو گئے ہیں۔ پاکستان ریلوے کی حقیقی معاشی طاقت اس کا فریٹ سیکٹر ہے۔ دنیا بھر میں کامیاب ریلوے اداروں کی آمدنی کا بڑا حصہ مال برداری سے حاصل ہوتا ہے کیونکہ ریل کے ذریعے سامان کی نقل وحمل سڑک کے مقابلے میں کم خرچ، زیادہ محفوظ اور ماحول دوست ہوتی ہے۔ اسی حقیقت کو مدنظر رکھتے ہوئے پاکستان ریلوے نے فریٹ آپریشنز کو اپنی ترجیحات کا مرکز بنایا ہے۔ مال بردار ٹرینوں کی تعداد میں اضافہ، کنٹینرز کارگو سروسز، بندرگاہوں اور صنعتی مراکز کے درمیان موثر ریل رابطے، جدید لاجسٹکس، سامان کی ڈیجیٹل ٹریکنگ اور نجی شعبے کے ساتھ شراکت داری جیسے اقدامات اس شعبے کو نئی زندگی دے رہے ہیں۔ اس سے نہ صرف ریلوے کی آمدنی میں اضافہ ہوا ہے بلکہ آنے والے سالوں میں فریٹ سیکٹر سے ریلوے کو مزید خاطر خواہ ریونیو حاصل ہوگا۔

مستقبل کے منصوبے اس سے بھی زیادہ اہمیت کے حامل ہیں۔ ریلوے نیٹ ورک کی توسیع، ڈبل ٹریک منصوبے، جدید فریٹ کوریڈورز، مکمل ڈیجیٹلائزیشن، توانائی کی بچت کرنے والی ٹیکنالوجی، جدید انجنوں اور کوچز کی خریداری کے ساتھ ساتھ صوبائی حکومتوں کے تعاون سے علاقائی مسافر ٹرینوں کو مرحلہ وار بحال کرنا بھی پاکستان ریلوے کے وژن کا حصہ ہیں۔ ان منصوبوں سے نہ صرف سفر محفوظ اور تیز ہوگا بلکہ ملک کے مختلف حصوں کے درمیان تجارتی روابط مزید مضبوط ہوں گے، جس سے قومی معیشت کو نئی توانائی ملے گی۔ وزارت پاکستان ریلوے کو مالی سال 2026-27ء کے وفاقی بجٹ میں حکومتِ پاکستان نے پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام (پی ایس ڈی پی) کے تحت ریلوے ڈویژن کے لیے 40.65 ارب روپے مختص کیے ہیں۔ اس مختص کردہ رقم کا بنیادی مرکز بنیادی ڈھانچے کی جدید کاری، علاقائی رابطوں اور 'مین لائن ون' (ایم ایل ون) کو اپ گریڈ کرنے کے منصوبے کے لیے فنڈز کی فراہمی شامل ہے۔

پاکستان ریلویز نے مالی سال 2025-26ء میں اپنی ملکی تاریخ کی بلند ترین سالانہ آمدن حاصل کرتے ہوئے 115.157 ارب روپے حاصل ہونے والی آمدن کا نیا ریکارڈ قائم کر دیا ہے۔ گزشتہ مالی سال کے مقابلے میں مجموعی آمدنی میں 24.19 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا جس کی اہم وجہ فریٹ سیکٹر، مسافر ٹرینوں، کمرشل، پراپرٹی، سنڈری ریونیو، کیش انفلو اور آپریشنل کارکردگی سمیت تقریباً تمام اہم شعبوں میں نمایاں بہتری دیکھنے میں آئی ہے۔ مالی سال 2025-26ء میں مسافر آمدنی 50.590 ارب روپے تک پہنچ گئی جو پاکستان ریلویز کی تاریخ کی بلند ترین سطح ہے۔ فریٹ آمدنی 40.781 ارب روپے رہی جبکہ سنڈری آمدنی 16.401 ارب روپے ریکارڈ کی گئی۔ سنڈری ریونیو میں پراپرٹی اینڈ لینڈ سے 11.996 ارب روپے، اسکریپ سے 1.966 ارب روپے، کمرشل سرگرمیوں سے 2.123 ارب روپے جبکہ دیگر ذرائع سے بھی آمدنی حاصل ہوئی۔ پاکستان ریلویز کے کیش انفلو 120.070 ارب روپے تک پہنچ گئے۔ اس سے ادارے کی لیکویڈیٹی، ورکنگ کیپیٹل، مالی استحکام اور آپریشنل صلاحیت مزید مضبوط ہوئی ہے۔ اسی طرح پاکستان ریلویز کی آپریٹنگ ریشو مسلسل بہتر ہوئی اور 2023-24ء میں 99.5 فیصد، 2024-25ء میں 96.3 فیصد سے کم ہو کر 2025-26ء میں 84.7 فیصد رہ گئی جو اخراجات پر بہترین کنٹرول، موثر انتظامی فیصلوں، مالی نظم و ضبط اور بہتر آپریشنل کارکردگی کی عکاسی کرتا ہے۔

ریلوے سے تمام ڈیجیٹل خدمات کو مزید موثر، تیز رفتار اور عوام دوست بنانے کے حوالے سے وزیراعظم پاکستان کے وژن کے مطابق پاکستان ریلوے اپنی 79 سالہ تاریخ کی ریکارڈ ڈیجیٹلائزیشن کر رہا ہے اور ڈیجیٹل ٹرانسفرمیشن میں بہتر انداز میں آگے بڑھ رہا ہے۔ رابطہ ایپ ایپلیکیشن، کیش لیس ای ٹکٹنگ، مفت وائی فائی اور دیگر مسافر سہولیات متعارف کروائی گئی ہیں۔ رابطہ ایپ پر اس وقت سو سے زائد ٹرینیں دستیاب ہیں۔ ریلوے کے زیادہ تر بڑے اسٹیشنز کو ڈیجیٹلائز کیا جا چکا ہے۔ ریلوے ہیلپ لائن 117 کو جدید تقاضوں کے مطابق 24 گھنٹے، ہفتے کے ساتوں دن فعال کر دیا گیا ہے۔ ہیلپ لائن 117 پر تربیت یافتہ آئی ٹی ایجنٹس ہر وقت مسافروں کی معاونت فراہم کر رہے ہیں۔ بڑے ریلوے اسٹیشنز پر مفت وائی فائی کی سہولت فراہم کی جا چکی ہے۔ فریٹ مینجمنٹ سسٹم، رولنگ اسٹاک ٹریکنگ اور ڈیجیٹل وے برجز پر کام تیزی سے جاری و ساری ہے۔

راولپنڈی میں اسمارٹ اینڈ سیف ریلوے اسٹیشن کا افتتاح کیا جا چکا ہے۔ دیگر بڑے ریلوے اسٹیشنز پر بھی اسمارٹ اینڈ سیف اسٹیشنز کا قیام شروع ہو چکا ہے۔ اس کے علاوہ ای انسپکشن رجیم اور جدید اٹینڈنس مینجمنٹ سسٹم کے نفاذ پر بھی کام تیزی سے مکمل کیا جا رہا ہے۔ ڈیجیٹل ادائیگی کے نظام اور مسافروں کے لیے ریلوے اسٹیشنوں کی بہتری کے علاوہ ملازمین کی فلاح و بہبود کے منصوبے جیسے اقدامات شامل ہیں۔ ان اصلاحات کا مقصد صرف چند سہولیات میں اضافہ نہیں بلکہ ریلوے کو ایک جدید، محفوظ اور عوام دوست ادارے میں تبدیل کرنا ہے۔ انتظامی شفافیت، مالی نظم و ضبط اور انسانی وسائل کی پیشہ ورانہ تربیت پر خصوصی توجہ بھی اس بات کی عکاس ہے کہ ریلوے کو طویل مدتی بنیادوں پر مستحکم کرنے کی کوششیں کی جارہی ہیں۔

پاکستان ریلوے کی بہتری، مسافروں کو معیاری سہولیات کی فراہمی کے ساتھ ساتھ ملازمین کی فلاح وبہبود کے لیے بھی عملی اقدامات جاری ہیں۔ وزیر ریلویز محمد حنیف عباسی کہہ چکے ہیں کہ گارڈز اور لوکو پائلٹس پاکستان ریلوے کے آپریشن کا بنیادی ستون ہیں، اس لیے ان کی فلاح و بہبود اور آرام دہ ماحول کی فراہمی محکمہ ریلوے کی اولین ترجیح ہے۔ انھوں نے راولپنڈی کے بعد ملتان ڈویژن کے خانیوال جنکشن پر بھی گارڈز اور ڈرائیورز رننگ رومز کا افتتاح کر دیا۔ رننگ رومز میں ملازمین کی سہولت کے لیے چوبیس گھنٹے بجلی کی فراہمی کو یقینی بنایا گیا ہے۔ جدید سولر سسٹم بیک اپ بیٹریوں کے ساتھ نصب کیا گیا ہے۔ ہر کمرہ ایئر کنڈیشنڈ ہے تا کہ گارڈز اور لوکو پائلٹس کو آرام دہ ماحول میسر آ سکے۔ اس کے علاوہ ایگزیکٹو معیار کا کچن، کشادہ ڈائننگ ہال، جدید اور صاف ستھرے واش رومز، وسیع راہداریوں اور خوبصورت سرسبز صحن جیسی سہولیات بھی فراہم کی گئی ہیں۔ لاہور سمیت مزید بڑے اسٹیشنوں پر بھی گارڈز اور ڈرائیورز رننگ رومز تیار کیے جارہے ہیں۔

بقیہ اُستمان 01

نوٹیفکیشن کے مطابق لوگوں کو غیر قانونی اجتماعات میں شرکت کے لیے اکسانے پر بھی پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ پابندی کا اطلاق شادی کی تقریبات، نماز جنازہ، تدفین، مساجد و دیگر عبادت گاہوں پر نہیں ہوگا، عوامی امن اور جان و مال کو لاحق سنگین خطرات کے پیش نظر دفعہ 144 نافذ کی گئی۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا کہ عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت پنجاب کی اولین ترجیح ہے۔ دوسری جانب پنجاب حکومت نے پی ٹی آئی کے لانگ مارچ کے پیش نظر صوبے میں فوج اور رینجرز کی تعیناتی کے لیے وفاق کو خط لکھ دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق پی ٹی آئی لانگ مارچ کے پیش نظر سکیورٹی انتظامات جاری ہیں اور پنجاب حکومت نے فوج اور رینجرز کی تعیناتی کیلئے وفاق کو خط لکھا ہے۔ ذرائع کے مطابق محکمہ داخلہ نے راولپنڈی، اٹک، جہلم اور میانوالی میں رینجرز کی تعیناتی کی درخواست کی ہے، صوبائی حکومت نے راولپنڈی میں بھی فوج کی تعیناتی بھی مانگی ہے۔

بقیہ اُستمان 02

میں پولیس چوکی پر نامعلوم افراد کی جانب سے فائرنگ کی گئی جوابی فائرنگ میں پانچ دہشتگرد مارے گئے۔ پولیس کے مطابق کوئٹہ کے نواحی علاقے اغبرگ میں پولیس چوکی پر نامعلوم افراد کی جانب سے فائرنگ کی گئی، پولیس کی جوابی فائرنگ سے 5 مبینہ دہشت گرد ہلاک ہوگئے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق بدھ کی صبح افغان طالبان رجیم کی جانب سے 8 ڈرونز پاکستان کی فضائی حدود میں داخل ہوئے، جنہیں افواج پاکستان کے ایئر ڈیفنس سسٹم نے مار گرایا۔ ذرائع کے مطابق 4 ڈرونز طورخم بارڈر سے ملحقہ علاقوں میں گرائے گئے۔ بلوچستان کے ضلع مستونگ کے علاقے کنک وادی میں سیکیورٹی فورسز نے کارروائی کرتے ہوئے 9 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق دہشت گردوں نے کنک وادی میں سیکیورٹی چوکی پر حملے کی کوشش کی تھی۔ سیکیورٹی ذرائع نے بتایا کہ فورسز نے کارروائی کرتے ہوئے ابتدائی طور پر 2 دہشت گردوں کو ہلاک کیا جبکہ فرار ہونے والے دہشت گردوں کا تعاقب کر کے مزید 7 خوارج کو ہلاک کر دیا۔

بقیہ اُستمان 03

کے ساتھ اپنی تاریخی، دیرینہ اور آزمودہ برادرانہ وابستگی پر فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ محمد بن سلمان کی قیادت میں پاکستان، سعودی عرب کے برادرانہ تعلقات ایک مزید مضبوط اور جامع اسٹریٹجک شراکت داری میں ڈھل رہے ہیں جس کی بنیاد امن و سلامتی کے فروغ اور امت مسلمہ کے اتحاد کیلیے ہماری مشترکہ وابستگی پر قائم ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ سعودی عرب کے خلاف حوثیوں کے حالیہ حملوں بالخصوص مقدس شہر مکہ مکرمہ پر ڈرون حملے کی قابل مذمت کوشش کی گئی، حملوں کی پاکستان کی جانب سے سخت ترین الفاظ میں مذمت کا اعادہ کرتا ہوں، حرمین شریفین کی حرمت، تقدس اور سلامتی کو لاحق کوئی بھی خطرہ دنیا بھر کے مسلمانوں کے جذبات کو شدید مجروح کرتا ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ ہم نے عزم کے تحت اسٹریٹجک باہمی دفاعی معاہدے اور مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کیے، پاکستان سعودی عرب کی خودمختاری، سلامتی اور اسلام کے مقدس ترین مقامات کے تحفظ کے لیے سعودی عرب کے کھڑا ہے۔

بقیہ اُستمان 04

کو حکومت کرنے کا موقع دیں گے، انشا اللہ ایک دن ایسا آئے گا جب خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی کا نام و نشان تک باقی نہیں رہے گا۔ گزشتہ روز یونیورسٹی ٹاؤن پشاور میں رکن صوبائی اسمبلی جلال خان کے دفتر کا افتتاح کے موقع پر کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ وہ بڑی تعداد میں استقبال کرنے پر عوام کے شکر گزار ہیں۔ انہوں نے ان کے درمیان موجودگی پر خوشی کا اظہار کیا۔ وفاقی وزیر عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ خیبر پختونخوا غیور، بہادر اور غیرت مند لوگوں کی سرزمین ہے، پاکستان کیلئے ان کی قربانیاں بے شمار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) کے قائد محمد نواز شریف نے متعدد ترقیاتی منصوبے مکمل کر کے خیبر پختونخوا کو عزت دی جبکہ وزیراعظم محمد شہباز شریف صوبے کو خوشحالی کی راہ پر آگے لے جانے کے لیے ان تھک محنت کر رہے ہیں۔ حکومت کے تعلیمی اقدامات کا حوالہ دیتے ہوئے وفاقی وزیر عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں دانش اسکول قائم کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبے کے عوام نے پاکستان مسلم لیگ (ن) کے ٹکٹ پر صوبائی اسمبلی کے بہترین ارکان کو منتخب کیا ہے۔

بقیہ اُستمان 05

صلاحیتوں کا مظہر ہے۔ اپنے بیان میں وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے دہشتگردوں کی بزدلانہ کارروائی کو بروقت اور مؤثر انداز میں ناکام بنایا۔ کارروائی کے دوران ہلاک دہشتگردوں کے قبضے سے اسلحہ، گولہ بارود اور 3 موٹر سائیکلوں کی برآمدگی بھی اہم کامیابی ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے دہشتگردوں کے خلاف کارروائی کے دوران زخمی ہونے والے سیکیورٹی فورسز کے اہلکار کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کی اور کہا کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کے جوانوں کی قربانیاں قوم کے لیے باعث فخر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان میں دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے۔ دہشتگرد عناصر بلوچستان کے امن کو سبوتاژ کرنے میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت دہشتگردوں کے خلاف کارروائیاں آخری دہشتگرد کے خاتمے تک جاری رہیں گی۔ بلوچستان کے عوام کے جان و مال کے تحفظ اور امن کے قیام کے لیے ریاستی ادارے پوری قوت سے سرگرم عمل ہیں۔

بقیہ اُستمان 06

ہی ممکن ہے، سندھ طاس معاہدہ ایک پابند بین الاقوامی معاہدہ ہے اور اس میں کسی فریق کو یکطرفہ طور پر معاہدہ معطل کرنے کی اجازت نہیں دی گئی۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس کے موقع پر نیویارک میں او آئی سی رابطہ گروپ برائے جموں و کشمیر کے وزارتی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اسحاق ڈار نے مطالبہ کیا کہ او آئی سی مسئلہ کشمیر پر اپنی اصولی یکجہتی کو مسلسل اور مؤثر سفارتی اقدام میں تبدیل کرے۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان او آئی سی سیکرٹری جنرل، رابطہ گروپ کے ارکان، او آئی سی کے خصوصی نمائندے برائے جموں و کشمیر اور او آئی سی کی آزاد مستقل انسانی حقوق کمیٹی کی کشمیری عوام کیلیے مسلسل حمایت کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جموں و کشمیر کے عوام تقریباً 80 سال سے عالمی برادری کی جانب سے کیے گئے اس وعدے کی تکمیل کے منتظر ہیں کہ انہیں اقوام متحدہ کی نگرانی میں آزادانہ اور غیر جانب دارا استصواب رائے کے ذریعے اپنے مستقبل کا فیصلہ کرنے کا حق دیا جائے گا۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ 5 اگست 2019 کے بعد بھارت کی جانب سے کیے گئے اقدامات کا مقصد مقبوضہ جموں و کشمیر کی آبادیاتی، سیاسی اور ثقافتی حیثیت کو تبدیل کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی اور شہری آزادیوں کو محدود کیا گیا ہے جبکہ کشمیری رہنماؤں، کارکنوں، صحافیوں اور نوجوانوں کو گرفتاریوں، حراست اور سخت قوانین کے تحت کارروائیوں کا سامنا ہے۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ سیاسی تنظیموں پر پابندیاں عائد اور اختلاف رائے کو جرم قرار دیا گیا، جبکہ نئے ڈومیسائل اور اراضی قوانین، انتخابی حلقہ بندیوں میں تبدیلی، غیر کشمیریوں کے نام انتخابی فہرستوں میں شامل کرنے، املاک کی ضبطی و مسماری اور دیگر اقدامات کے ذریعے مقبوضہ علاقے کی مسلم، ثقافتی اور مذہبی شناخت کو متاثر کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے میڈیا کی آزادی پر پابندیوں کا بھی ذکر کرتے ہوئے کہا کہ صحافیوں کو دباؤ، نگرانی اور حراست کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر پریس کلب کو بند کیا گیا، سوشل میڈیا اکاؤنٹس بلاک کیے گئے جبکہ بین الاقوامی میڈیا اور آزاد مبصرین کو مقبوضہ جموں و کشمیر تک بلا رکاوٹ رسائی حاصل نہیں۔

بقیہ اُستمان 07

کہ پاکستان دنیا اور دہشت گردی کے درمیان ایک مضبوط دیوار کی مانند کھڑا ہے اور خطے میں امن کے قیام کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گا۔ وزارت داخلہ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق ملاقات میں خطے کے امن و استحکام اور دوطرفہ باہمی رابطوں کو مزید مستحکم کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ اس موقع پر امریکی سفیر نیٹلی بیکر نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی لازوال قربانیوں کا اعتراف کرتے ہوئے انہیں سراہا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ پاکستان دنیا اور دہشت گردی کے درمیان ایک مضبوط دیوار کی مانند کھڑا ہے اور خطے میں امن کے قیام کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گا۔

بقیہ اُستمان 08

گرفتاری بدترین سیاسی انتقام ہے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخواہ میں بغیر گورنر رول کے اس وقت گورنر راج لگا ہوا ہے، آپ نے ایک طرح سے خیبر پختونخواہ کو مکمل کنٹرول کیا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم یہ چار ہے ہیں کہ ہمارا مارچ بھی ہو اور پرامن بھی ہو ایک حکومتی ٹولہ ہمارے لانگ مارچ کے حوالے کے حوالے سے بے بنیاد پروپیگنڈا کر رہا ہے کہ ہم اداروں پر حملہ آور ہوں گے، حکومتی ٹولہ جو بیانیہ بنا رہا ہے اس کا کوئی بندوبست کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں معلوم ہے کہ ہم نے کس سے بات کرنی ہے، بات ہونی چاہیے لیکن بدقسمتی سے ابھی بات نہیں ہو رہی، سیاسی مسائل کا سیاسی حل نکالنا ہوگا، کچھ لوگ نہیں چاہتے کہ سیاسی مسائل کا سیاسی حل نکلے اور پاکستان کے مسائل حل ہوں۔ انہوں نے کہا کہ محمود خان اچکزئی اور علامہ راجہ ناصر عباس اور ہماری قیادت بات چیت کیلئے تیار ہے، حکومت کی بات چیت کی پیشکش صرف پیشکش ہے اس میں عملی کچھ نہیں، حکومت میں اس وقت مسائل ختم کرنے کی کوئی سوچ نہیں، گورنر راج سے پہلے ہی خیبر پختونخواہ ان کو گورنر راج لگا ہوا ہے، سیاست میں کوئی لفظ حتمی نہیں ہوتا، جو دوسروں کی سیاست ختم کرنا چاہتے ہیں ان کا حال سب کے سامنے ہے۔ قبل ازیں بیرسٹر گوہر عمران خان کی بہنوں کے گھر گئے ان کے اہل خانہ سے ملے اور ان کا حوصلہ بڑھایا اور کہا کہ ہم حالات کا ڈٹ کر مقابلہ کریں گے۔

بقیہ اُستمان 09

نے فوری اور مؤثر کارروائی کرتے ہوئے 2 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا انہوں نے کہا کہ فرار ہونے والے دہشت گردوں کا سیکیورٹی فورسز نے تعاقب کیا اور کارروائی کے دوران مزید 7 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا گیا، جس کے بعد کارروائی میں ہلاک ہونے والے دہشت گردوں کی مجموعی تعداد 9 ہوگئی ہے۔ معاون وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے 3 موٹر سائیکلوں سمیت بھاری مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا ہے۔ شدید فائرنگ کے تبادلے میں سیکیورٹی فورسز کا ایک جوان زخمی ہوا جسے طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے شاہد رند نے کہا کہ فتنۃ الخوارج کے دہشت گرد بلوچستان کے امن و استحکام کو نقصان پہنچانے کے مذموم عزائم میں کامیاب نہیں ہوسکتے۔ سیکیورٹی فورسز نے ردالفتنہ 3 کے تحت دہشت گردوں کے خلاف مؤثر کارروائیوں سے واضح کر دیا ہے کہ ریاست دشمن عناصر کے لیے بلوچستان میں کوئی محفوظ پناہ گاہ نہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان سے آخری دہشت گرد کے خاتمے تک سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری رہیں گی، جبکہ صوبے کے امن، عوام کے جان و مال کے تحفظ اور ریاستی رٹ کے قیام کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔

بقیہ اُستمان 10

تمام اقوام اور ثقافتیں بلوچستان کی خوبصورتی اور اجتماعی شناخت کا حصہ ہیں۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ ثقافتی روایات اور ورثے کا تحفظ نئی نسل کی اپنی شناخت سے وابستگی کو مضبوط کرتا ہے۔ پشتون کلچر ڈے باہمی احترام، رواداری، امن اور بھائی چارے کے فروغ کا پیغام دیتا ہے۔ میر ظہور احمد بلیدی نے کہا کہ ہمیں اپنی ثقافتی روایات کے ساتھ ساتھ دیگر اقوام اور ثقافتوں کا بھی احترام کرنا چاہیے۔ انہوں نے پشتون کلچر ڈے کے موقع پر پشتون بھائیوں اور بہنوں کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ اُستمان 11

سے وابستہ ہیں، جس کا بنیادی مفہوم زمین کی کاشت اور زرخیزی سے متعلق ہے۔ وقت کے ساتھ یہی تصور انسانی ذہن، معاشرے اور تہذیب کی تعمیر و نشو و نما تک پھیل گیا۔ انسان نے اپنی بود و باش، علم، فنون، معیشت اور سماجی اداروں کو مسلسل ترقی دی اور ثقافت سے تہذیب تک کا سفر طے کیا۔ آج انفارمیشن ٹیکنالوجی اور جدید مواصلاتی ذرائع نے دنیا کو ایک دوسرے کے مزید قریب لا کر عالمی تہذیب کے ارتقا کی رفتار کو کئی گنا تیز کر دیا ہے۔ پشتون کلچر ڈے کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ثقافت کسی بھی قوم کی شناخت، اجتماعی یادداشت اور تاریخی تسلسل کی علامت ہوتی ہے۔

بقیہ اُستمان 12

کرتے ہوئے کیا۔ نائب امیر میاں محمد اسلم، ڈپٹی سیکرٹری سید فراست شاہ، امیر اسلام آباد نصر اللہ رندھاوا، قائمقام امیر پنجاب شالی اقبال خان اور امیر راولپنڈی عارف شیرازی بھی اس موقع پر موجود تھے۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ جماعت اسلامی کی جدوجہد کے نتیجے میں عوام میں شعور بیدار ہوا ہے۔ لیوی پر عوامی آگاہی سے قبل جماعت اسلامی نے آئی پی پیز کے خلاف احتجاج کیا اور حکومت کو ان سے بات کرنے پر مجبور کیا جس سے قومی خزانہ کو ساڑھے چار ہزار ارب کا فائدہ ہوا۔ انہوں نےکہا کہ بدقسمتی سے ملک کی سیاسی پارٹیاں عوامی مسائل پر آواز نہیں اٹھاتیں، جماعت اسلامی کی جدوجہد مافیاز کے خلاف ہے جب کہ دیگر پارٹیاں مافیاز کی مدد سے سیاست کر رہی ہے۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ جماعت اسلامی نے لیوی کے خلاف پانچ سو دس مقامات پر سڑکیں بند کر کے جدوجہد کا آغاز کیا، سولہ اگست سے دھرنوں کا آغاز ہوا جو ملک کے بیالیس مقامات پر دیے گئے، اسی دوران حکومت سے مذاکرات کے کئی ادوار ہوئے، حکمرانوں کو قابل عمل تجاویز دیں، حکومت کے پاس ہماری تجاویز کا کوئی مدلل جواب نہیں ہے، حکومت کو بتایا کہ شرح سود صرف تین فیصد کم کرنے سے خزانہ کو پندرہ سو ارب سے زائد کا فائدہ ہوگا

بقیہ اُستمان 13

چیت کی طرف آنا چاہیے، فتنہ و فساد کی سرگرمیوں سے ملک دشمن عناصر کو مدد ملے گی، ہر مسئلے کا آخر کار حل مذاکرات کی میز پر ہی نکلتا ہے۔ وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے کہا کہ تحریک انصاف بھی احتجاج کی کال واپس لے اور بات چیت کی طرف آئے، ملک سے محبت کرنے والا کوئی شخص توڑ پھوڑ اور جلاؤ گھیراؤ کی بات نہیں کر سکتا، خطہ جنگ کی زد میں ہے، پاکستان انتہائی ذمہ دارانہ کردار ادا کرنے جا رہا ہے، اس وقت ملک کو اندرونی محاذ پر اتحاد اور مضبوطی کی ضرورت ہے، ملکی امن کے خلاف کسی بھی طرح کی سرگرمی کا سوچا بھی نہیں جا سکتا۔

بقیہ اُستمان 14

متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں سالانہ اجلاس کے موقع پر مختلف شخصیات سے ملاقاتوں اور مذاکروں میں گفتگو کر رہے تھے۔ وزیر خزانہ نے توانائی کے تحفظ، ایوی ایشن کے شعبے میں تعاون، صحت کے پروگرام پر عملدرآمد اور موسمیاتی مالیات کے حوالے سے بین الاقوامی شراکت داروں کے ساتھ اعلیٰ سطحی ملاقاتیں اور اہم امور پر تبادلہ خیال کیا۔ وزیر خزانہ نے عالمی اقتصادی فورم کے زیر اہتمام نئی معیشت میں ترقی کو توانائی فراہم کرنے کے موضوع پر اعلیٰ سطحی مکالمے میں شرکت کی۔

بقیہ اُستمان 15

صباح الخالد الحمد الصباح سے ملاقات میں تجارت، توانائی اور انسانی وسائل کی ترقی میں تعاون بڑھانے پر زور دیا۔ دونوں رہنماؤں نے انسانی وسائل کی ترقی اور باہمی تعاون کو مزید وسعت دینے پر گفتگو کی۔ امن، استحکام اور خوشحالی کے فروغ کے لیے مشترکہ عزم کا اعادہ کیا گیا۔ وزیراعظم نے آسٹریا کے چانسلر کرسچن اسٹاکر اور صومالیہ کے صدر حسن شیخ محمود سے بھی ملاقات کی اور دوطرفہ تعلقات سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا۔ کینیا کے صدر ولیم روٹو سے ملاقات میں دونوں رہنماں نے دوطرفہ تعلقات پر اطمینان کا اظہار کیا۔

بقیہ اُستمان 16

سفر کرنے کی اجازت دے دی گئی۔ ویکسینیشن کے حوالے سے بارڈر ہیلتھ سروسز کی ایڈوائزری جاری کر دی گئی۔ ہیلتھ ایڈوائزری کے مطابق 10 اکتوبر 2026 رات 10 بجے کراچی ائرپورٹ سے ویکسینیشن کے بغیر سفر کی اجازت نہیں ہوگی، سرکاری ڈسپنسری پر ویکسینیشن کی سہولت بدستور جاری رہے گی۔ کراچی ائرپورٹ پر ایمرجنسی میں ویکسینیشن کی سہولت 10 اکتوبر سے فراہم کی جائے گی، سعودی حکام کیمطابق سفر کی تاریخ سے 10 روز قبل ویکسینیشن کرانی ضروری ہے۔

بقیہ اُستمان 17

امریکا تک پہنچا دیں، ایرانی شرائط میں تمام محاذوں پر جنگ کا خاتمہ اور امریکی کارروائیوں کا روکنا شامل ہے۔ اسماعیل بقائی کا کہنا ہے کہ بحری ناکہ بندی، معاشی جنگ کا خاتمہ اور ایرانی اثاثوں کی بحالی بھی شامل ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ صدر ٹرمپ کی تقریر کے دوران ایرانی وفد نے یو این اجلاس سے واک آؤٹ کیا، وزیر خارجہ عباس عراقچی نے متعدد ممالک سے دوطرفہ ملاقاتیں کیں، امریکا سے ایرانی وفد کے خصوصی حفاظتی اقدامات کی درخواست نہیں کی۔

بقیہ اُستمان 18

بھی ناکامی سے دوچار ہونے لگی ہے، اور اب تک صرف دو نئے تاجروں نے اس اسکیم سے فائدہ اٹھایا ہے، جبکہ اسکیم میں شامل ہونیوالے مجموعی 317 دکانداروں میں سے 315 پہلے ہی ٹیکس نظام کا حصہ تھے۔ اسکیم کے تحت حکومت نے رواں مالی سال تاجروں سے 50 ارب روپے سالانہ ٹیکس وصولی کا ہدف مقرر کیا تھا، تاہم اب تک صرف 26 ملین روپے جمع ہوئے ہیں، جو فی تاجر اوسطاً تقریباً 81 ہزار 944 روپے بنتے ہیں۔ ذرائع کے مطابق قانونی ڈیڈ لائن ختم ہونے میں صرف ایک ہفتہ باقی رہ جانے کے باعث حکومت نے تاجروں کیلیے نرم پالیسی پر نظرثانی شروع کر دی ہے۔

بقیہ اُستمان 19

اعلان کر دیا۔ لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ نعمان محمود مکہ جوائنٹ ڈیفنس ایگریمنٹ کے تحت قائم ہونے والے اتحاد کے جنرل سیکریٹریٹ کی قیادت کریں گے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ اتحاد کا جنرل سیکریٹریٹ سعودی عرب کے دارالحکومت ریاض میں قائم کیا جائے گا، پاکستان نے لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ نعمان محمود کو ہلال امتیاز (ملٹری) سے بھی نوازا ہوا ہے۔

بقیہ اُستمان 20

خاتون کی میت منتقل کرنے کے بعد واپس ایدھی قلات سینٹر آتے ہوئے راستے میں نامعلوم مسلح افراد نے ایدھی مددگار پر تشدد کیا اور ایمبولینس اغوا کر کے لے گئے۔

بقیہ اُستمان 21

سخت کارروائی کا اعلان کیا ہے۔ ایرانی خبر رساں ادارے فارس کے مطابق ایسے جہازوں پر ان کے سامان کی مجموعی مالیت کا 20 فیصد جرمانہ عائد کیا جائے گا۔ ایرانی پارلیمنٹ کی قومی سلامتی اور خارجہ پالیسی کمیٹی کے ترجمان حسن قشقاوی کے مطابق کمیٹی نے آبنائے ہرمز سے متعلق مجوزہ قانون کی بعض شقوں کی منظوری دی ہے۔ ان شقوں کے تحت خلاف ورزی کرنے والے جہازوں سے جرمانہ وصول کرنے کے ساتھ انہیں عارضی طور پر تحویل میں بھی لیا جا سکے گا۔ قشقاوی کے مطابق جہاز کو اس وقت تک روکے رکھنے کی اجازت ہوگی جب تک مقررہ جرمانہ ادا نہیں کر دیا جاتا۔ نئی شقوں میں آبنائے ہرمز میں جہازوں کی آمد و رفت کے حوالے سے ایران کے طے کردہ قواعد پر عمل درآمد کو یقینی بنانے کے لیے مزید قانونی اقدامات بھی شامل ہیں۔ یہ پیش رفت ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب خطے میں کشیدگی کے باعث آبنائے ہرمز میں تجارتی جہازوں کی آمد و رفت نمایاں طور پر کم ہوئی ہے۔

بقیہ اُستمان 22

2035 تک 100 ارب ڈالر تک پہنچانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی احسن اقبال کی زیر صدارت اسلام آباد میں اعلیٰ سطح اجلاس ہوا، جس میں برآمدی معیشت کے فروغ کیلیے مربوط اور مقررہ مدت پر مبنی روڈ میپ تیار کرنے پر غور کیا گیا۔ احسن اقبال نے کہا کہ برآمدات محض معاشی ہدف نہیں بلکہ پاکستان کیلیے معاشی خودمختاری اور قومی بقا کا سوال ہیں، قرض لے کر بیرونی ضروریات پوری کرنے کے بجائے ہمیں اپنے مستقبل کیلیے خود کمانا ہوگا۔ مشن کے تحت برآمدات میں تنوع، صنعتی پیداواریت، معیار، جدت، برانڈنگ، مارکیٹ تک رسائی، کلسٹرز کی ترقی اور عالمی ویلیو چینز سے انضمام پر توجہ دی جائے گی۔

بقیہ اُستمان 23

ثقافت بلوچستان کی تہذیبی شناخت کا اہم اور خوبصورت حصہ ہے پشتون ثقافت میں مہمان نوازی، رواداری، بہادری، بھائی چارہ اور انسان دوستی کی اعلیٰ روایات نمایاں ہیں بلوچستان مختلف اقوام، زبانوں اور ثقافتوں کا حسین امتزاج ہے، یہی تنوع صوبے کی اصل خوبصورتی اور قوت ہے پشتون برادری نے بلوچستان کی سماجی، ادبی، سیاسی اور معاشی ترقی میں اہم کردار ادا کیا ہے ثقافتی ورثے کا تحفظ نئی نسل کو اپنی تاریخ، اقدار اور شناخت سے جوڑنے کا ذریعہ ہے تمام ثقافتوں، زبانوں اور روایات کا احترام اور فروغ ہماری مشترکہ ذمہ داری ہے پشتون کلچر ڈے امن، بھائی چارے، باہمی احترام اور رواداری کے فروغ کا پیغام ہے۔

بقیہ اُستمان 24

ہوگئے۔ سینیٹ سیکریٹریٹ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق یہ دورہ کونسل آف دی ریپبلک آف بیلاروس کی چیئرپرسن نتالیہ کوچانووا کی دعوت پر کیا جا رہا ہے۔ دورے کا مقصد پاکستان اور بیلاروس کے درمیان دوطرفہ تعلقات اور پارلیمانی تعاون کو مزید مستحکم کرنا ہے۔ پاکستان اور بیلاروس کے تعلقات میں بڑھتی ہوئی مثبت پیش رفت اور سیاسی، پارلیمانی، اقتصادی اور عوامی سطح پر باہمی تعاون کے فروغ کے مشترکہ عزم کے تناظر میں چیئرمین سینیٹ کا یہ دورہ خصوصی اہمیت کا حامل ہے۔

بقیہ اُستمان 25

۔ دہشتگردوں کی جانب سے سیکیورٹی چوکی پر حملے کی کوشش کو سیکیورٹی فورسز نے فوری کارروائی کرتے ہوئے ناکام بنا دیا۔ فرار ہونے والے دہشتگردوں کا تعاقب کر کے مزید 7 دہشتگردوں کو ہلاک کیا گیا، سیکیورٹی فورسز نے ایک بار پھر اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا۔ کارروائی کے دوران دہشتگردوں کے قبضے سے 3 موٹر سائیکلوں سمیت بھاری مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود برآمد کیا گیا۔ فائرنگ کے تبادلے میں سیکیورٹی فورسز کے ایک جوان کے زخمی ہونے پر افسوس ہے، قوم اپنے بہادر جوانوں کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ بلوچستان میں امن و استحکام کے لیے سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں قابل قدر ہیں، دہشتگردی کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔ بلوچستان میں دہشتگردی کے مکمل خاتمے اور عوام کے تحفظ کے لیے ریاستی ادارے پرعزم ہیں۔

بقیہ اُستمان 26

گفتگو میں مزید کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا کے اندر گورننس کے ایشوز ہیں، صوبے کے عوام کو بے یار و مددگار چھوڑ دیا گیا ہے۔

بقیہ اُستمان 27

خیال کیا گیا۔ ترجمان نے بتایا ہے کہ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سرکاری دورے پر تہران میں موجود ہیں۔ محسن نقوی کی ایرانی قیادت اور سیکیورٹی حکام سے ملاقاتوں کا سلسلہ جاری ہے۔ اس سے قبل انہوں نے ایرانی ہم منصب سکندر مومنی سے تفصیلی ملاقات کی جس میں دوطرفہ تعلقات، مختلف شعبوں میں تعاون اور خطے کی مجموعی صورت حال پر غور کیا گیا۔

بقیہ اُستمان 28

مذاکرات آئینی و قانونی دائرے میں رکھنے کا فیصلہ کر لیا، وزیراعظم کی امریکا سے واپسی کے بعد محمود اچکزئی سے ملاقات متوقع ہے۔ حکومتی ذرائع کا کہنا ہے کہ وزیراعظم، اپوزیشن لیڈر ملاقات میں صرف چیف الیکشن کمشنر اور دو ارکان کی تقرری پر بات ہوگی۔ بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کی رہائی کا معاملہ مذاکراتی ایجنڈے میں شامل نہیں ہوگا۔ حکومتی ذرائع کے مطابق عمران خان کی مستقل طور پر نجی اسپتال منتقلی پر بھی بات نہیں کی جائے گی، مذاکرات میں آئینی اور قانونی تقاضوں کو ملحوظ خاطر رکھا جائے گا

بقیہ اُستمان 29

کیا گیا۔ وزیر خزانہ نے پی آئی اے کے لیے نئے طیاروں کی خریداری سے متعلق بوئنگ کی نظرثانی شدہ تجویز کا خیر مقدم کیا۔ ملاقات میں طیاروں کی جلد ترسیل کے ممکنہ مواقع اور عبوری مدت کے لیے طیارے لیز پر لینے کے انتظامات کا بھی جائزہ لیا گیا، جبکہ امریکی ایکسپورٹ امپورٹ بینک کی مالی معاونت، انجنوں اور اسپیئر پارٹس کی خریداری، دیکھ بھال اور گراؤنڈ کیے گئے طیاروں کی بحالی سے متعلق امور بھی زیر بحث آئے۔

بقیہ اُستمان 30

کارروائی قومی سلامتی کے غیر متزلزل تحفظ کے عزم کی عکاس ہے۔ محسن نقوی نے آپریشن میں حصہ لینے والے تمام جوانوں اور افسران کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکورٹی اداروں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ انہوں نے واضح عزم کا اعادہ کیا کہ فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کے خلاف آپریشنز پوری قوت، یکسوئی اور فیصلہ کن انداز میں بلاتعطل جاری رہیں گے۔

بقیہ اُستمان 31

روس کے تیل کے بڑے خریداروں بشمول بھارت، چین، سلوواکیہ، ہنگری اور آذربائیجان پر محصولات عائد کرنے کا اختیار دیتا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق زیلنسکی کو امید ہے کہ پابندیوں کے نئے اقدامات سے روس پر جنگ کے خاتمے کے لیے دباؤ بڑھے گا۔ وال اسٹریٹ جرنل کے ساتھ ایک انٹرویو میں زیلنسکی نے کہا کہ روس اپنی معیشت کو کبھی بھارت، کبھی ترکیہ اور کبھی چین پر کھڑا کر رہا ہے۔ اور یہ ظاہر ہے کہ اگر یہ لوگ روس کے ساتھ اپنی توانائی کی تجارت بند کر دیتے ہیں، تو روس کو جنگ لڑنا بند کرنا پڑے گا۔

بقیہ اُستمان 32

خاطر نادرا کے ای سہولت مرکز جانے کی ضرورت نہیں رہے گی۔ اس سے قبل پاکستان سنگل ونڈو کی خدمات کے لیے بائیومیٹرک تصدیق لازمی تھی اور صارفین کو ذاتی طور پر نادرا کے ای سہولت مرکز میں جانا پڑتا تھا تاہم پاک آئی ڈی موبائل ایپ کے ساتھ انضمام کے بعد اہل صارفین نادرا کی مقررہ شرائط کے تحت اب یہ تصدیقی عمل آن لائن مکمل کر سکیں گے۔ اس سہولت سے بالخصوص بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کو فائدہ پہنچنے کی توقع ہے جو ملک میں تجارتی سرگرمیوں سے وابستہ ہیں۔ اہل اوورسیز پاکستانی پاک آئی ڈی ایپ کے ذریعے پاکستان سنگل ونڈو کی بائیومیٹرک تصدیق گھر بیٹھے مکمل کر سکیں گے

بقیہ اُستمان 33

پولیو کے خاتمے، ماں و بچے کی صحت، غذائیت، حفاظتی ٹیکہ جات، ڈیجیٹلائزیشن اور مالیاتی شمولیت کے شعبوں میں پاکستان کے ساتھ فاؤنڈیشن کے تعاون کو سراہا۔ وزیراعظم نے پاکستان سے پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے حکومت کے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے اس اہم مقصد کے لیے گیٹس فاؤنڈیشن کی طویل عرصے سے جاری معاونت پر شکریہ ادا کرتے ہوئے پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے اپنے ذاتی عزم کا بھی اظہار کیا۔ بل گیٹس نے وزیراعظم کی قیادت میں پاکستان کی پولیو کے خاتمے کے لیے جاری کوششوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ آئندہ نسلوں کو اس موذی مرض سے محفوظ رکھنے کے لیے پولیو کا مکمل خاتمہ انتہائی اہم ہے۔

بقیہ اُستمان 34

ہوئے گھروں اور دفاتر سے باہر نکل آئے، تاہم زلزلے سے کسی جانی یا مالی نقصان کی اطلاع نہیں ملی۔ گزشتہ روز بھی اسلام آباد اور پشاور سمیت ملک کے مختلف علاقوں میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے، زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلہ شام 4 بج کر 30 منٹ پر آیا، جس کی شدت 4.9 ریکارڈ کی گئی۔ اس سے قبل چترال، سوات، ملاکنڈ اور ضلع مہمند سمیت خیبر پختونخوا کے مختلف علاقوں میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے تھے۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلے کی شدت ریکٹر اسکیل پر 4.9 ریکارڈ کی گئی۔ زلزلے کی گہرائی 196 کلومیٹر تھی، جبکہ مرکز کوہ ہندوکش کا پہاڑی سلسلہ تھا۔

بقیہ اُستمان 35

اسلامی کے لانگ مارچ موخر کرنے پر وفاقی وزیر مواصلات اور صدر آئی پی پی عبدالعلیم خان نے اپنے ایکس پیغام میں ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ جماعت اسلامی کی قیادت کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، تمام سیاسی جماعتیں بات چیت کے ذریعے تمام مسائل کا حل نکالیں، موجودہ حالات میں ملک کسی احتجاج اور انتشار کا متحمل نہیں ہو سکتا۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف کو بھی بات چیت کی طرف آنا چاہیے، فتنہ و فساد کی سرگرمیوں سے ملک دشمن عناصر کو مدد ملے گی

بقیہ اُستمان 36

ہمیشہ یاد رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ پولیو ورکرز ہمارے بچوں کو محفوظ اور صحت مند مستقبل دینے کے لیے قومی فریضہ انجام دے رہے ہیں۔ پولیو ٹیموں پر حملے دراصل پاکستان کے بچوں کے محفوظ مستقبل پر حملہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگرد عناصر صحت عامہ کی قومی مہم کو نقصان پہنچانے میں کامیاب نہیں ہوں گے۔ پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے کام کرنے والے ورکرز اور ان کی حفاظت پر مامور اہلکار قوم کے محسن ہیں۔ سینیٹر روبینہ خالد نے کہا کہ پولیو کے خلاف قومی مہم ہر صورت جاری رہنی چاہیے، بچوں کو موذی مرض سے محفوظ بنانا ہم سب کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہدا کے اہلخانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں، اللہ تعالیٰ شہدا کے درجات بلند فرمائے۔ روبینہ خالد نے کہا کہ ریاست اور قوم مل کر دہشتگردی کے خلاف متحد ہیں، امن دشمن عناصر کے عزائم کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔

بقیہ اُستمان 37

کے مطابق بجلی کے واجبات کی بروقت ادائیگی کے معاملے پر محکمہ جیل اور کیسکو کے درمیان رابطہ جاری ہے، جبکہ متعلقہ حکام واجبات کی ادائیگی کے لیے ضروری اقدامات کر رہے ہیں۔

بقیہ اُستمان 38

موجود پائی گئیں اور ان کی کارکردگی تسلی بخش قرار دی گئی۔ بعد ازاں اعظم خان، یوسی نوڈ بند میں قائم اسٹیٹک سنٹر کا بھی دورہ کیا گیا، جہاں پولیو ٹیم موقع پر موجود تھی اور اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے انجام دے رہی تھی۔ ڈی ایچ او ڈاکٹر غلام مرتضیٰ کھوسہ کے مطابق ضلع صحبت پور میں SNID ستمبر 2026 کی سرگرمیاں پرامن ماحول میں مائیکرو پلان کے مطابق جاری ہیں، جبکہ پولیو ٹیموں کی کارکردگی اور فیلڈ سرگرمیوں کی مسلسل نگرانی کی جا رہی ہے۔

بقیہ اُستمان 39

نجیب اللہ مری نے بیان میں روزنامہ مشرق کے نیوز ایڈیٹر سید حامد بخاری کے بھائی روزنامہ ایکسپریس کے نیوز ایڈیٹر سید عابد بخاری کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے رہنماؤں نے کہا کہ سید عابد بخاری سینئر صحافی کیساتھ ساتھ ایک انتہائی شفیق اور مخلص شخصیت کے مالک تھے۔ اللہ تعالیٰ مرحوم عابد بخاری کے درجات بلند کرے۔ آمین مزدور رہنماؤں نے سید حامد بخاری اور سوگوار خاندان کے تمام افراد سے دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

بقیہ اُستمان 40

کا رونما ہونا آئے روز معمول بنتا جا رہا ہے، جس سے قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع کے ساتھ ساتھ بھاری مالی نقصانات کا بھی سامنا کرنا پڑ رہا ہے، جو کہ ٹریفک و ہائی وے پولیس کے قوانین کی کھلی خلاف ورزیوں کے مترادف ہیں، اگر شہری آبادی کا تذکرہ کیا جائے تو ایسی خطرناک رنگین سرچ لائٹس رکشوں اور موٹر سائیکلوں پر باقاعدہ نصب کروائی گئی ہیں، جن کے باعث عام شہریوں سمیت ہر شخص بری طرح متاثر ہو رہا ہے، حتیٰ کہ شہر سے گزرنے والی قومی شاہراہ کے دونوں اطراف سڑک عبور کرنا انتہائی دشوار اور خطرناک ہو چکا ہے۔ افسوسناک امر یہ ہے کہ ایسے رکشے اور موٹر سائیکلیں چلانے والوں کی اکثریت کم عمر بچوں پر مشتمل ہے، جنہیں نہ تو کوئی مناسب تجربہ حاصل ہے اور نہ ہی کوئی باقاعدہ ڈرائیونگ لائسنس ہے، اس کے علاوہ شہر میں چھوٹی و بڑی گاڑیوں کے ساتھ ساتھ رکشوں اور موٹر سائیکلوں کی ڈیکوریشن سروس کے لیے متعدد دکانیں قائم ہیں۔

بقیہ اُستمان 41

لائن سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں مسلم لیگ کے نظریاتی اور مخلص کارکنوں کو دیوار سے لگانے کی مبینہ کوششیں تشویشناک ہیں، جن کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ پارٹی کارکنان نے ہمیشہ مسلم لیگ کے لیے مشکل حالات میں جدوجہد کی ہے، اس لیے ان کی خدمات اور قربانیوں کو نظرانداز نہیں کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ حیدر خان اچکزئی پارٹی کے مخلص اور نظریاتی کارکن ہیں، انہیں وزیراعظم یوتھ افیئرز کے کوارڈینیٹر کے منصب سے ہٹانا پارٹی کارکنوں اور بلوچستان کے نوجوانوں کے لیے باعث تشویش ہے۔ انہوں نے مسلم لیگ کے قائد میاں محمد نواز شریف، وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف اور دیگر مرکزی قائدین سے مطالبہ کیا کہ معاملے کا فوری نوٹس لے کر کارکنوں کے تحفظات دور کیے جائیں۔ اکبر علی چنہ اور حاجی مشتاق احمد بوہڑ نے کہا کہ مسلم لیگ کے کارکن پارٹی کا قیمتی اثاثہ ہیں اور کسی بھی صورت انہیں نظرانداز یا دیوار سے لگانے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ حیدر خان اچکزئی کے معاملے پر پارٹی قیادت فوری طور پر واضح اور منصفانہ فیصلہ کرے تاکہ کارکنوں میں پائی جانے والی بے چینی کا خاتمہ ہو سکے۔

بقیہ اُستمان 42

ورکرز اور پولیس نوجوانوں کے تحفظ کے لیے کوئی خاطر خواہ بندوبست نہیں نوشکی میں یہ پہلا واقعہ نہیں بلکہ پہلے بھی ایسے دل خراش واقعہ رونما ہوئی ہے انہوں نے کہا کہ پولیو مہم میں ضلعی افسران کو باہر سے پیسے مل رہا ہے وہ اپنی رقم کی وصولی کے لئے نوجوانوں کی جان کو خطرے میں رہے ہیں جمعیت علما اسلام نوشکی کے ضلعی رہنماؤں نے پولیس اہلکاروں یاسر جان پرکانی اور عبدالروف کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ نوشکی میں ہر طرف ناکہ بندی کے باوجود آئے ایسے واقعات کا رونما ہونا انتظامیہ کی نااہلی کی منہ بولتا ثبوت ہے انہوں نے یاسر جان پرکانی اور عبدالروف جان کی شہادت نے پورا نوشکی کو سوگوار بنایا ہے نوشکی کے ہر دل ان نوجوانوں کی شہادت پر غم زدہ ہیں انہوں نے کہا کہ جمعیت علما اسلام ان نوجوانوں کے شہادت کے غم میں ان کے خاندانوں کے ساتھ برابر شریک ہیں۔

بقیہ اُستمان 43

کا مقصد اپنی ثقافتی شناخت اور تاریخی ورثے کو اجاگر کرنے کے ساتھ نئی نسل کو اپنی تہذیب و روایات سے روشناس کرانا ہے۔ پشتون معاشرے کی روایتی اقدار میں عزت، اخوت، مہمان نوازی، جرگہ، برداشت اور باہمی احترام کو نمایاں مقام حاصل ہے۔ حاجی ولی محمد نورزئی نے کہا کہ ثقافت کسی بھی قوم کی پہچان ہوتی ہے اور اقوام کی ترقی کے لیے ضروری ہے

بقیہ اُستمان 44

ذریعے طلبا کو جنگلی حیات اور قدرتی ماحول کے تحفظ کی اہمیت اجاگر کی گئی۔ طلبا کو اپنے گھر، اسکول اور اردگرد کے ماحول کو صاف رکھنے، پانی ضائع نہ کرنے اور قدرتی وسائل کے تحفظ میں اپنا کردار ادا کرنے کی ترغیب دی گئی۔ اس موقع پر طلبا نے شجرکاری کی سرگرمی میں بھی بھرپور حصہ لیا۔ اساتذہ نے کہا کہ جنگلی حیات اور قدرتی وسائل کا تحفظ ہم سب کی اجتماعی ذمہ داری ہے۔ اسکول کے پرنسپل محمد سلیم سرپرہ نے ایسی آگاہی سرگرمیوں کو مستقبل میں بھی جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ اُستمان 45

عابد شاہ بخاری کی وفات صحافتی حلقوں کے لیے ایک بڑا نقصان ہے۔

بقیہ اُستمان 46

مخصوص مقامات پر 2G، 3G اور 4G نیٹ ورک جیمنگ کی درخواست کی گئی ہے۔ اٹک میں موبائل اور انٹرنیٹ سروسز ڈاؤن گریڈ کرنے کی درخواست کی گئی، موٹروے پر برہمہ باہتر، گنجو، احاطہ، ٹیکسلا سٹی، واہ صدر، تھلیاں اور چکری کے علاقوں میں موبائل و انٹرنیٹ سروسز ڈاؤن گریڈ، جیمنگ کی درخواست کی گئی ہے۔ راولپنڈی اور اٹک کے مخصوص مقامات پر 27 ستمبر سے موبائل، انٹرنیٹ سروس ڈاؤن گریڈ رہے گی، موبائل اور انٹرنیٹ سگنلز معطل کرنے کا فیصلہ امن و امان کے قیام کیلئے پولیس کی درخواست پر کیا گیا، عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت پنجاب کی اولین ترجیح ہے۔

بقیہ اُستمان 47

کہنا ہے کہ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اور انہیں صاف ستھرا اور محفوظ ماحول فراہم کرنا میونسپل کمیٹی کی ذمہ داری ہے۔ شہر میں آوارہ کتوں کی بڑھتی ہوئی تعداد کے باعث شہریوں بالخصوص بچوں، خواتین اور بزرگوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا تھا۔ جس کا بروقت نوٹس لیتے ہوئے کتا مار مہم شروع کی گئی ہے۔ وندر کے مختلف علاقوں میں میونسپل کمیٹی کا عملہ صورتحال کا جائزہ لے کر آوارہ کتوں کے خلاف کارروائی کر رہا ہے۔ جبکہ شہریوں کی جانب سے نشاندہی کیے جانے والے علاقوں کو بھی مہم میں شامل کیا جا رہا ہے۔ شہریوں کو کسی بھی قسم کے خطرے سے محفوظ رکھنے کے لیے میونسپل کمیٹی اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں ادا کرے گی اور آوارہ کتوں کے خلاف مہم کو صرف چند روز تک محدود نہیں رکھا جائے گا بلکہ ضرورت کے مطابق اس کا سلسلہ مزید جاری رکھا جائے گا۔ انہوں نے شہریوں سے بھی اپیل کی کہ اپنے علاقوں میں آوارہ کتوں کی موجودگی کی اطلاع میونسپل کمیٹی وندر کو دیں تاکہ عملہ بروقت کارروائی کر سکے۔

بقیہ اُستمان 48

گئی۔ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ پاکستان ڈیجیٹل مالیاتی نظام کا مستقبل تشکیل دینے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے، جبکہ ورچوئل اثاثوں کے شعبے میں بلال بن ثاقب کی قیادت کو پاکستان کے لیے اہم قرار دیا۔ چیئرمین پی وی اے آر اے بلال بن ثاقب نے کہا کہ عالمی مالیاتی نظام نئے سرے سے تشکیل پا رہا ہے اور گلوبل ساتھ کو اس کے قواعد بنانے میں شریک ہونا ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ پابندیاں ٹیکنالوجی کو نہیں روکتیں بلکہ ریاست کو میدان سے باہر کر دیتی ہیں۔ بلال بن ثاقب نے مزید کہا کہ پاکستان نے 8 سالہ بینکنگ پابندی سے ورچوئل اثاثوں کے ریگولیٹری نظام تک کا سفر 6 ماہ میں طے کیا۔

بقیہ اُستمان 49

، ذمہ دار، شریف النفس، مخلص اور نفیس انسان ہونے کے ساتھ ساتھ صحافت کے میدان میں اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، دیانت داری اور ذمہ دارانہ صحافتی خدمات کے باعث ایک نمایاں مقام رکھتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ مرحوم سید عابد بخاری نے طویل عرصے تک صحافت کے شعبے سے وابستہ رہ کر نہ صرف صحافتی ذمہ داریاں احسن انداز میں انجام دیں بلکہ اپنے شائستہ مزاج، خوش اخلاقی، متوازن طرز گفتگو اور پیشہ ورانہ رویے کے باعث صحافتی حلقوں میں قدر و احترام کی نگاہ سے دیکھے جاتے تھے۔ ان کی اچانک وفات سے صحافتی برادری ایک مخلص، باصلاحیت اور ذمہ دار ساتھی سے محروم ہوگئی ہے

بقیہ اُستمان 50

تک محدود سمجھا جاتا ہے، حالانکہ تمباکو نوشی اور نسوار سمیت کئی دیگر عادات بھی نوجوانوں کو نشے کی طرف لے جانے والی خطرناک کڑی بن سکتی ہیں مقامی حلقوں کے مطابق خضدار میں چرس کا استعمال بھی کئی علاقوں میں عام ہو چکا ہے، تاہم حالیہ دنوں میں شراب نوشی اور دیگر نشہ آور اشیا کی دستیابی پر بھی سوالات اٹھ رہے ہیں۔ بعض شہریوں کا کہنا ہے کہ رات کے اوقات میں نشے کی حالت میں گاڑی چلانے والے افراد نہ صرف اپنی بلکہ سڑک پر موجود دیگر لوگوں کی زندگیوں کے لیے بھی خطرہ بن رہے ہیں

بقیہ اُستمان 51

ہیں، وہ کیا کر رہے ہیں اور وہ کیا کہہ رہے ہیں۔ ڈینی ڈینون نے یہ بھی کہا ہے کہ حقیقت یہ ہے کہ اگر وہ اسرائیل پر حملہ کرتے ہیں تو انہیں پکڑنے میں ہمیں صرف چند دن لگیں گے۔

بقیہ اُستمان 52

میں شریعت اسلام کی مکمل پاسداری کرتے ہوئے انسانیت کو اللہ تعالیٰ کی اطاعت، سنت رسول ? کی پیروی، محبت، اخوت اور امن کا درس دیا۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ جدید دور میں بعض حلقوں کی جانب سے اولیائے کرام اور صوفیائے عظام کی حقیقی تعلیمات کو مسخ کرنے کی کوششیں کی جارہی ہیں، جو نہ صرف قابل افسوس بلکہ امت کے لیے لمحہ فکریہ بھی ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ اولیائے کرام اور صوفیائے عظام کی تعلیمات شریعت اسلام سے الگ نہیں بلکہ قرآن و سنت کی روشنی میں انسان کی اصلاح، تزکی? نفس اور معاشرے میں خیر و بھلائی کے فروغ کا ذریعہ ہیں۔ جو شخص اولیائے کرام اور صوفیائے عظام سے محبت کا دعویٰ کرتا ہے۔

بقیہ اُستمان 53

کرے گا۔ پہلے مرحلے میں اسٹیٹ بینک کے حکام کے ساتھ ٹیکنیکل مذاکرات ہوں گے، جن میں اسٹیٹ بینک کے حکام مشن کو معاشی کارکردگی پر بریفنگ دیں گے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ زرمبادلہ کے ذخائر، مانیٹری پالیسی، درآمدات اور فارن ایکسچینج پر بریفنگ دی جائے گی، پاکستان نے زرمبادلہ کے ذخائر کو 17 ارب ڈالرز سے زیادہ رکھنے کا ہدف حاصل کر لیا ہے۔ آئی ایم ایف کے وفد سے ٹیکنیکل مذاکرات میں کرنٹ اکاؤنٹ خسارے پر بات چیت ہوگی، براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری میں اضافے اور یورو بانڈ کے کامیاب اجرا پر بریفنگ دی جائے گی۔

بقیہ اُستمان 54

بنایا، جس کے نتیجے میں وہ موقع پر ہی جاں بحق ہوگئے۔ فائرنگ کے بعد ملزمان موقع سے فرار ہوگئے۔ واقعے کی اطلاع ملنے پر متعلقہ حکام نے کارروائی شروع کر دی، جبکہ قتل کی وجوہات اور ملزمان سے متعلق مزید معلومات اکٹھی کی جا رہی ہیں۔

بقیہ اُستمان 55

و مال کے تحفظ کے لیے تاحال کوئی مؤثر منصوبہ بندی یا عملی اقدامات نہیں کیے جا رہے، جو متعلقہ انتظامیہ کی کارکردگی پر ایک بڑا سوالیہ نشان ہے۔ متاثرہ صحافتی ساتھی اور عوامی حلقوں کی جانب سے متعلقہ حکام سے پرزور مطالبہ کیا گیا ہے کہ سریاب روٹ کی گرین بسوں میں مسافروں کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات کیے جائیں، بسوں کے اندر نگرانی کے نظام کو بہتر بنایا جائے اور جیب کتروں کے خلاف سخت ترین قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ علاوہ ازیں، محمد عوض کا چوری شدہ موبائل فون فوری طور پر برآمد کرنے اور اس واردات میں ملوث ملزمان کو ٹریس کر کے گرفتار کرنے کے لیے بھی ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں تاکہ شہری بے خوف ہو کر سفر کر سکیں۔

بقیہ اُستمان 56

ساتھ برابر کے شریک ہیں۔ شاہد رند نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم عابد بخاری کی مغفرت فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

بقیہ اُستمان 57

نہیں ہو سکی۔ لاش کو شناخت کے لیے سول ہسپتال بسیمہ میں رکھا گیا ہے، جبکہ واقعے سے متعلق مزید تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ اُستمان 58

میں بی ایس معاشیات پروگرام کے طلبہ کے لیے پیشہ ورانہ سرٹیفکیشن کو لازمی قرار دینے کی تجویز پر غور کیا گیا۔ بورڈ نے بی ایس معاشیات پروگرام میں بین الشعبہ جاتی کورس AI for Everyone متعارف کرانے پر بھی غور کیا، جو معاشیات اور دیگر شعبوں میں مصنوعی ذہانت اور ڈیجیٹل مہارتوں کی بڑھتی ہوئی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے تجویز کیا گیا۔ بورڈ نے جامعہ گوادر کے بی ایس معاشیات پروگرام میں بلیو اکانومی کو ایک اہم کورس کے طور پر متعارف کرانے اور منظور کرنے کا بھی فیصلہ کیا۔ شرکا کے مطابق گوادر کی معاشی اہمیت اور ساحلی و بحری ترقی کے تناظر میں اس کورس کی خصوصی اہمیت ہے۔ بورڈ نے بی ایس معاشیات پروگرام سے متعلق دیگر تعلیمی اور نصابی امور کا بھی جائزہ لیا اور نصاب کو عصر حاضر کی تعلیمی اور پیشہ ورانہ ضروریات سے ہم آہنگ کرنے کے لیے مزید اقدامات پر تبادلہ خیال کیا۔ اجلاس میں جامعہ گوادر کے شعبہ معاشیات کے فیکلٹی ممبر سلیمان صد، جامعہ گوادر کے کوالٹی انہانسمنٹ سیل (QEC) کی ڈائریکٹر ڈاکٹر رابعہ اسلم، اور شعبہ کمپیوٹر سائنس کے فیکلٹی ممبر اکرام بلوچ نے شرکت کی۔

بقیہ اُستمان 59

، ملنسار، خوش اخلاق اور محبت کرنے والے صحافتی ساتھی تھے جن کا اچانک بچھڑ جانا صحافتی برادری کے لیے ناقابل تلافی نقصان اور ذاتی طور پر میرے لیے گہرے صدمے کا باعث ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایکسپریس نیوز ٹی وی اور اخبار میں خدمات کے دوران عابد بخاری صاحب سٹی اور بیک پیج کے انچارج کی حیثیت سے کام کرتا تھا وہ اپنے پیشہ ورانہ فرائض کے ساتھ ساتھ ساتھیوں کے ساتھ خلوص، شفقت اور حسن اخلاق کے باعث ایک منفرد مقام رکھتے تھے۔

بقیہ اُستمان 60

کر رہے ہیں، مگر مسلسل نظراندازی اور محرومی نے عوام کو شدید مشکلات سے دوچار کر رکھا ہے۔ اپنے حقوق کے حصول کے لیے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا۔ مقررین نے کہا کہ گزشتہ دو دہائیوں سے ضلع شیرانی کے عوام کو بنیادی سہولیات، ترقیاتی منصوبوں اور روزگار کے مواقع کے حوالے سے مسلسل محرومی کا سامنا ہے۔ ان کے مطابق پی ایس ڈی پی میں شیرانی کے عوام کے لیے خاطر خواہ ترقیاتی منصوبے شامل نہیں کیے گئے، جبکہ بلوچستان کے دیگر اضلاع میں ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے۔

بقیہ اُستمان 61

ختم کر کے آمد و رفت بحال کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا براستہ پنجاب جانے والی مسافر کوچز، بسوں اور ٹوڈی گاڑیوں کو مسافروں سمیت روکنے سے خواتین، بچوں، بزرگوں اور دیگر مسافروں کو شدید مشکلات اور اذیت کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ دور دراز علاقوں سے سفر کرنے والے مسافروں میں متعدد افراد ضروری کاموں، علاج معالجے اور دیگر اہم امور کے لیے سفر کرتے ہیں، ایسے میں انہیں راستے میں روکنا انسانی ہمدردی کے تقاضوں کے بھی منافی ہے۔

بقیہ اُستمان 62

امور، طلبہ کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور سکول کو درپیش مسائل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈی ای او اوستہ محمد نے سکول کے مختلف حصوں کا دورہ کرتے ہوئے کلاس رومز اور عمارت کی موجودہ صورتحال کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر جی ٹی اے بی کے ضلعی جنرل سیکرٹری مولوی نعمت اللہ جمالی اور سکول ہیڈ نے انہیں سکول کے خستہ حال کلاس رومز کا معائنہ کروایا اور عمارت کی صورتحال سے تفصیلی طور پر آگاہ کیا، اس موقع پر سکول کے اساتذہ علی اسد اللہ زہری، محمد حسن پلال، ممتاز علی جمالی، لیاقت علی جمالی، عبدالرشید جمالی، ظفر اللہ جمالی، شاہنواز جمالی، بشیر احمد جمالی سمیت دیگر اسٹاف بھی موجود تھا، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر شبیر احمد لانگو نے دورے کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سکول کی عمارت کی مخدوش صورتحال کے باوجود اساتذہ جس محنت، لگن اور جذبے کے ساتھ تعلیمی سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہیں

بقیہ اُستمان 63

سے ایس بی کے اور کنٹریکٹ اساتذہ کی مدت ملازمت میں دسمبر 2027 تک توسیع ایک مثبت اقدام ہے، جس کے تعلیمی اداروں اور شعبہ تعلیم پر دیرپا مثبت اثرات مرتب ہوں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایس بی کے اساتذہ کی جانب سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں محکمہ تعلیم کے افسران، ہیڈ ماسٹرز، اساتذہ اور مختلف اساتذہ تنظیموں کے نمائندوں نے شرکت کی مقررین نے کہا کہ کسی بھی معاشرے کی ترقی اور خوشحالی کا بنیادی انحصار معیاری تعلیم پر ہوتا ہے، جبکہ اس مقصد کے حصول میں استاد کا کردار بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔

بقیہ اُستمان 64

وثناء نعت رسولؐ اور ختم غوثیہ شریف ہوگا۔ محفل کے اختتام پر حضرت پیر السید الحاج محمد ضیاء الدین القادری الگیلانی خصوصی دعا کریں گے۔

بقیہ اُستمان 65

فٹ بال، والی بال اور رسی کشی کے شاندار مقابلے بھی منعقد کیے گئے۔ کھیلوں کے مقابلوں میں طلبہ نے بھرپور جوش و خروش کے ساتھ حصہ لیا اور اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا۔ اسکول انتظامیہ کی جانب سے طلبہ کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے کہا گیا کہ تعلیم کے ساتھ ساتھ کھیلوں کی سرگرمیاں بچوں کی جسمانی صحت، ذہنی نشوونما اور باہمی تعاون کے جذبے کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ اس موقع پر ہیڈ ماسٹر شاہین اسلم سمیجو نے کہا کہ اسکول میں طلبہ کو معیاری تعلیمی ماحول فراہم کرنے کے لیے اساتذہ اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں ادا کر رہے ہیں۔

بقیہ اُستمان 66

انہوں نے مختلف مقامات پر پانی کی ترسیل، نہر میں پانی کی دستیابی کے حوالے سے معائنہ کیا جبکہ سب ڈویژنل آفیسر محمد سلیم بہرانی سے نہری پانی کی موجودہ صورتحال، ترسیلی نظام اور کسانوں کو درپیش مسائل کے متعلق تفصیلی آگاہی حاصل کی۔ اس موقع پر داروغہ لونگ خان اور کے بی بہرانی بھی موجود تھے سپرنٹنڈنگ انجینئر مدثر ظفر کھوسہ نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ ربیع کینال میں پانی کی منصفانہ اور بروقت ترسیل کو یقینی بنایا جائے اور نہری نظام میں کسی بھی قسم کی رکاوٹ کو فوری دور کیا جائے۔

بقیہ اُستمان 67

پر فرض ہے۔ تعلیم کے راستے میں جتنی بھی مشکلات حائل ہوں، ان سے نمٹنے کے لیے بھرپور کوشش کرنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ طلبہ و طالبات کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کرنے کے ساتھ ساتھ تعلیمی اداروں میں تعلیم کا دیا جلانے والی ہستیوں یعنی اساتذہ کرام کا احترام لازم ہے۔ ان کے جائز مطالبات کو فوری طور پر حل کیا جائے گا۔ زبیر احمد مری نے مزید کہا کہ اساتذہ کی شان و شوکت کے اعتراف میں ہر سال 5 اکتوبر کو عالمی یوم اساتذہ منایا جاتا ہے، اسی مناسبت سے ہمیں بھی اپنے محترم اساتذہ کی عظمت و جلال پر پروگرامات منعقد کرنے چاہئیں۔ اس موقع پر فیصلہ کیا گیا کہ 3 اکتوبر بروز ہفتہ صبح 9 بجے گورنمنٹ پرائمری سکول عمر خان کھوسہ میں زیر صدارت "تکریم اساتذہ" کی ایک پروقار تقریب منعقد کی جائے گی۔

بقیہ اُستمان 68

جاری دیرینہ تنازع کے خاتمے کی راہ ہموار نصیر آباد اور اوستہ محمد کی دو معروف برادریوں کے درمیان جاری دیرینہ دشمنی و تنازعات کو ختم کرنے اور علاقے میں امن و اخوت کے قیام کے لیے ایک عظیم الشان بلوچی میڑ (جرگہ/وفد) کا انعقاد کیا گیا۔ یہ باوقار میڑ صوبائی مشیر برائے لیبر اینڈ مین پاور سردار بابا غلام رسول خان عمرانی کی سرپرستی اور سربراہی میں ڈیرہ اللہ یار میں ایس ایچ او غازی عبدالرؤف جمالی کی رہائش گاہ پہنچی۔ اس پروقار قافلے میں سینکڑوں گاڑیوں کا کاروان اور علاقے کی ممتاز سیاسی، سماجی و قبائلی شخصیات شامل تھیں۔

بقیہ اُستمان 69

اور غیر متوازن غذا کا بڑھتا ہوا رجحان، کولڈ ڈرنکس کا زیادہ استعمال، ورزش اور جسمانی سرگرمی سے دوری، موٹاپا، رات گئے تک جاگنے اور طویل وقت تک موبائل و دیگر اسکرینز کے سامنے بیٹھے رہنے کی عادات صحت قلب پر منفی اثرات مرتب کر سکتی ہیں۔ ممتاز طبی ماہرین نے نوجوانوں پر زور دیا ہے

بقیہ اُستمان 70

کے لوگوں کی زبان اور زندگی بسر کرنے کا انداز بھی مختلف ہے ہم حکومتی سطح پر تمام قوموں کی زبانوں کلچر اور مذاہب کا احترام کرتے ہیں اسی طرح قومی سطح پر بھی قوموں کی زبانوں اور کلچر کو احترام دیتے ہیں پشتون قوم محب وطن قوم ہے جس نے ملک کیلئے بہت بڑی قربانیاں دی ہے پشتون کلچر ڈے کے موقع پر تمام پشتون قوم کو دنیا میں جہاں بھی پشتون بستے ہیں ان کو مبارکباد پیش کرتا ہوں یہ دن پشتون قوم کیلئے تاریخی اور اہمیت کا حامل ہے

بقیہ اُستمان 71

گزشتہ کئی روز سے صفائی کی انتہائی ابتر صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے صفائی کوئٹہ اور ڈپٹی کمشنر کوئٹہ سے فوری مداخلت کی اپیل کی ہے۔ اہلیان کلی ہنگوئی کے مطابق علاقے میں جگہ جگہ کچرے کے ڈھیر لگے ہوئے ہیں، جس کی وجہ سے شدید تعفن پھیل رہا ہے اور شہریوں کا راستوں سے گزرنا محال ہو چکا ہے۔ کچرا کنڈیوں کی عدم موجودگی اور باقاعدگی سے کچرا نہ اٹھائے جانے کے باعث گلیوں اور اہم شاہراہوں پر گندگی کے انبار لگ چکے ہیں، جس سے ملیریا، ڈینگی، اور پیٹ کی دیگر متعدی بیماریوں کے وبائی شکل اختیار کرنے کا سنگین خدشہ پیدا ہو گیا ہے۔

بلوچستان محکمہ جیل کے ذمے کیسکو کے 19 کروڑ 60 لاکھ روپے واجب الادا

کیسکو کی صوبے کی مختلف جیلوں کے سپرنٹنڈنٹس کو ادائیگی کے نوٹسز جاری، فنڈز ملتے ہی واجبات ادا کرنے کی یقین دہانی

کوئٹہ (آن لائن) محکمہ جیل بلوچستان کے ذمے کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے بجلی کے واجبات 19 کروڑ 60 لاکھ روپے تک پہنچ گئے، جس پر کیسکو حکام نے صوبے کی مختلف جیلوں کے سپرنٹنڈنٹس کو واجبات کی ادائیگی کے لیے نوٹسز جاری کر دیے ہیں۔ جیل حکام کے مطابق محکمہ جیل کے ذمے کیسکو کی خطیر رقم واجب الادا ہے، جس سے متعلق متعلقہ حکام کو آگاہ کر دیا گیا ہے۔ جیل حکام کا کہنا ہے کہ صوبائی حکومت کی جانب سے فنڈز جاری ہوتے ہی کیسکو کے بجلی کے واجبات ادا کر دیے جائیں گے۔ حکام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

کوئٹہ، صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی سے توبہ کاکڑی برشور کا قبائلی وفد ملاقات کر رہا ہے

صوبے میں ریاستی رٹ کے قیام کیلئے ہر ممکن اقدامات کرینگے، شاہد رند

فتنہ الخوارج کے دہشت گرد بلوچستان کے امن و استحکام کو نقصان پہنچانے کے مذموم عزائم میں کامیاب نہیں ہو سکتے

سیکیورٹی فورسز بلوچستان میں دہشتگردی کے مکمل خاتمے کیلئے مؤثر اور فیصلہ کن کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہیں

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے مستونگ کے علاقے کنک وادی میں سیکیورٹی فورسز کی جانب سے فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ سیکیورٹی فورسز بلوچستان میں دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے مؤثر اور فیصلہ کن کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہیں۔ شاہد رند نے کہا کہ مستونگ کے علاقے کنک وادی میں فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں نے چوکی پر حملے کی بزدلانہ کوشش کی، جس پر سیکیورٹی فورسز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

کوئٹہ، صوبائی وزیر نور محمد ڈومر کو ملک عبدالغفار مندوخیل حلف برداری میں شرکت کی دعوت نامہ دے رہے ہیں

حیدر اچکزئی کو یوتھ کوارڈینیٹر کے منصب سے ہٹانا ناانصافی ہوگی، اکبر علی چنہ

پارٹی کارکنوں کے ساتھ ناانصافی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، طاہر نعمانی

اوستہ محمد (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ بلوچستان کے کارکنوں کو دیوار سے لگانے کی ہرگز اجازت نہیں دیں گے، حیدر خان اچکزئی کو یوتھ کوارڈینیٹر کے منصب سے ہٹانا بلوچستان کے نوجوانوں اور پارٹی کے مخلص کارکنوں کے ساتھ ناانصافی کے مترادف ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار پاکستان مسلم لیگ نصیر آباد ڈویژن کے جوائنٹ سیکرٹری اکبر علی چنہ ضلع اوستہ محمد کے ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی مشتاق احمد بوہڑ اور بانی رکن طاہر نعمانی نے آن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

جمعیت علماء اسلام کا نوشکی میں دو پولیس اہلکاروں کی شہادت پر دکھ کا اظہار

سنگین صورتحال کے دوران پولیو اور پولیس اہلکاروں کی جان کو خطرے میں ڈالنا عقل مندی نہیں

نوشکی (آن لائن) جمعیت علما اسلام نوشکی کے ضلعی رہنماؤں نے اپنے ایک بیان میں نوشکی میں دو پولیس اہلکاروں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ نوشکی میں امن و امان کی سنگین صورتحال کے باوجود ضلعی افسران کی طرف سے پولیو مہم چلانا اور خواتین ورکرز اور نوجوان پولیس اہلکاروں کی جان کو خطرے میں ڈالنا عقل مندی نہیں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے پولیو مہم کے لیے گھر گھر جانے والے خواتین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

پشتون کلچرل ڈے ہماری شاندار تہذیبی و ثقافتی ورثے کی عکاسی کرتا ہے، ولی محمد نورزئی

پشتون ثقافت، روایات، زبان اور تاریخی اقدار کا تحفظ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، پارلیمانی سیکرٹری سوشل ویلفیئر

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے رکن صوبائی اسمبلی و پارلیمانی سیکرٹری برائے سوشل ویلفیئر حاجی ولی محمد نورزئی نے پشتون کلچرل ڈے کے موقع پر پشتون قوم سمیت صوبے بھر کے عوام کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ پشتون ثقافت صدیوں پر محیط شاندار تاریخ، روایات، اقدار، زبان، مہمان نوازی اور رواداری کی آئینہ دار ہے۔ اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ پشتون کلچرل ڈے منانے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

صحبت پور: ڈی ایچ او کا SNID ستمبر مہم کے دوران مختلف پولیو ٹیموں کا فیلڈ وزٹ

ڈیرہ اللہ یار (آن لائن) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر صحبت پور ڈاکٹر غلام مرتضیٰ کھوسہ نے ستمبر 2026 کی SNID پولیو مہم کے سلسلے میں مختلف علاقوں کا فیلڈ دورہ کیا اور پولیو ٹیموں کی کارکردگی کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران یوسی نوذ ہند میں پولیو ٹیموں کا معائنہ کیا گیا، جہاں تمام ٹیمیں فیلڈ میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

کوئٹہ، بلوچستان لیبر فیڈریشن کے رہنماں کا سینئر صحافی سید عابد بخاری کے انتقال پر اظہارِ تعزیت

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان لیبر فیڈریشن کے صدر خان زمان، چیئرمین حاجی بشیر احمد رند سیکرٹری جنرل قاسم خان کاکڑ، حاجی عبدالعزیز شاہوانی، عابد بٹ، محمد عمر جتک، عارف خان بنچاری، دین محمد حسنی، ملک وحید کاسی، ملک محمد حسین بنگلزئی، ظفر خان رند، سید منظور شاہ فضل محمد یوسفزئی، انجینئر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

نصیر آباد، گاڑیوں کے خطرناک رنگین لائٹس کے سبب حادثات کا رونما ہونا آئے روز معمول بن گئے

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) نصیر آباد کے ڈویژنل و ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر شہر ڈیرہ مراد جمالی سمیت قومی شاہراہ پر چھوٹی و بڑی گاڑیوں اور شہری آبادی میں، خاص کر رکشوں اور موٹر سائیکلوں پر نصب ایسی خطرناک رنگین لائٹس کے سبب حادثات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

سبزل روڈ کلی بنگلزئی میں صفائی کی ابتر صورتحال، کچرے کے ڈھیر اور تعفن سے شہری پریشان

کلی بنگلزئی میں فوری صفائی، جراثیم کش اسپرے اور سینٹری ورکرز کی تعیناتی کی جائے، اہل علاقہ

کوئٹہ (جی این ایم) کوئٹہ کے علاقے سبزل روڈ، کلی بنگلزئی میں صفائی کی ابتر صورتحال، تعفن اور بیماریوں کا خدشہ، اہل علاقہ کی فوری نوٹس لینے کی اپیل کوئٹہ: کوئٹہ کے علاقے سبزل روڈ، کلی بنگلزئی (ملک جہان خان) کے مکینوں نے علاقے میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 71)

کلچر اور زبان قوموں کی پہچان ہوتی ہے، نور محمد دمڑ

پشتون قوم کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں، صوبائی وزیر

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ کلچر اور زبان قوموں کی پہچان ہوتی ہے کلچر ہی کی بنیاد پر کوئی قوم زندگی بسر کرنے کا فیصلہ کرتی ہے بلوچستان صوبہ میں مختلف اقوام آباد ہے یہاں بلوچستان میں مختلف اقوام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 70)

کوئٹہ، امراضِ قلب میں اضافہ، نوجوان بھی خطرناک بیماری کی زد میں

فاسٹ فوڈ، کولڈ ڈرنکس، موٹاپا، ورزش سے دوری اور رات گئے تک موبائل کا استعمال قلبی صحت کے لیے خطرے کی گھنٹی

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ میں امراضِ قلب کے باعث اموات اور اچانک دل کے دورے کے واقعات تشویشناک صورتحال اختیار کر رہے ہیں، جبکہ نوجوانوں میں غیر صحت مند طرز زندگی اس مسئلے کو مزید سنگین بنا رہا ہے۔ طبی ماہرین کے مطابق فاسٹ فوڈ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 69)

صوبائی مشیر سردار غلام رسول عمرانی کی سربراہی دو فریقین کا تنازعہ حل

عمرانی (نوتکانی) برادری میں جاری دیرینہ تنازع کو ختم کر کے شیر و شکر کر دیا گیا ہے

بابا کوٹ (آن لائن) صوبائی مشیر سردار غلام رسول عمرانی کی سربراہی میں ڈیرہ اللہ یار میں عظیم الشان بلوچی میڑ: جمالی اور عمرانی (نوتکانی) برادری میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 68)

کوئٹہ، صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی کے ساتھ توبہ کاکڑی برشور کے قبائلی وفد کا گروپ فوٹو

ثقافت قوم کی شناخت اور تاریخی تسلسل کی علامت ہوتی ہے، گورنر بلوچستان

پشتون قوم کی تاریخ قدیم اور شاندار روایات کی امین ہے، جبکہ پشتو زبان خطے کی اہم اور بڑی زبانوں میں شمار ہوتی ہے

ہماری نئی نسل اپنی شناخت پر فخر کرتے ہوئے دنیا کے جدید تقاضوں کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت پیدا کریں، جعفر مندوخیل

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے پشتون کلچر ڈے کے موقع پر پوری پشتون قوم بالخصوص نوجوانوں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ وہ اپنی تاریخ سے روشنی، اپنی ثقافت سے شناخت، علم سے طاقت اور اپنے مستقبل سے امید حاصل کریں۔ ہمیں ایسا معاشرہ تشکیل دینا ہے جہاں اپنی ثقافتی جڑوں سے وابستگی اور جدید دنیا کے تقاضوں سے ہم آہنگی ایک دوسرے کی ضد نہ ہوں بلکہ ایک دوسرے کی تکمیل بنیں۔ انسانی تہذیب کا سفر دراصل انسان کی مسلسل تخلیقی، فکری اور سماجی ترقی کی داستان ہے۔ لفظ کلچر کی جڑیں لاطینی زبان کے لفظ کلتور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

پشتون ثقافت بلوچستان کے تاریخی ورثے کا ایک اہم حصہ ہے، ظہور بلیدی

پشتون ثقافت اپنی شاندار روایات، مہمان نوازی، رواداری اور بھائی چارے کے حوالے سے منفرد مقام رکھتی ہے

پشتون کلچر ڈے باہمی احترام، رواداری، امن اور بھائی چارے کے فروغ کا پیغام دیتا ہے، صوبائی وزیر منصوبہ بندی

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور احمد بلیدی نے پشتون کلچر ڈے کے موقع پر پشتون برادری کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ پشتون ثقافت بلوچستان کے تاریخی، تہذیبی اور ثقافتی ورثے کا اہم حصہ ہے۔ اپنے پیغام میں میر ظہور احمد بلیدی نے کہا کہ پشتون ثقافت اپنی شاندار روایات، مہمان نوازی، رواداری اور بھائی چارے کے حوالے سے منفرد مقام رکھتی ہے۔ پشتون عوام نے بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی میں ہمیشہ اہم کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان مختلف اقوام، زبانوں اور ثقافتوں کا گہوارہ ہے، جبکہ صوبے کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

حب: کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطا کا انسداد اسمگلنگ کے حوالے سے سیکیورٹی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

اسسٹنٹ ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر تحصیل حیر دین، صحبت پور جناب زبیر احمد مری کا دورہ

حیر دین (آن لائن) گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول عمر خان کھوسہ میں اسسٹنٹ ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر تحصیل حیر دین، صحبت پور جناب زبیر احمد مری نے دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے اساتذہ کرام سے میٹنگ کی اور طلبہ سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ تعلیم حاصل کرنا ہر مرد و زن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 67)

ڈیرہ مراد جمالی، زرعی پانی کی فراہمی اور نہری نظام کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ

ڈیرہ مراد جمالی (آن لائن) صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی اور صوبائی سیکرٹری آبپاشی سہیل الرحمٰن بلوچ کے احکامات کی روشنی میں سپرنٹنڈنگ انجینئر اریگیشن نصیر آباد سرکل مدثر ظفر کھوسہ نے ربیع کینال کا دورہ کر کے زرعی پانی کی فراہمی اور نہری نظام کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 66)

گورنمنٹ بوائز ہائی سکول الٰہی بخش جمالی میں تقریب کا انعقاد کیا گیا

گنداخہ (آن لائن) گورنمنٹ بوائز ہائی سکول الٰہی بخش جمالی میں ہیڈ ماسٹر شاہین اسلم سمیجو اور اسکول اسٹاف استاد ذوالفقار علی جمالی، استاد سید زاہد علی شاہ اور استاد یاسر علی جمالی کی نگرانی میں طلبہ میں یونیفارم، تعلیمی سامان اور اسپورٹس کا سامان تقسیم کیا گیا، جبکہ طلبہ کے درمیان کرکٹ، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 65)

کوئٹہ، دربار غوثیہ الگیلانی روڈ پر سالانہ بڑی گیارہویں شریف کل منائی جائے گی

کوئٹہ (آن لائن) دربار غوثیہ الگیلانی روڈ کوئٹہ کے اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ 11 ربیع الثانی 24 ستمبر 2026ء بروز جمعرات سالانہ بڑی گیارہویں شریف ہوگی۔ 11 بجے دن کو پرچم کشائی اور بڑی گیارہویں شریف کی بابرکت محفل شریف بعد از نماز عصر ختم قرآن ہوگا۔ بعد نماز مغرب تلاوت قرآن پاک و حمد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 64)

ایس بی کے اور کنٹریکٹ اساتذہ کی تعیناتی سے تعلیمی سرگرمیوں میں نمایاں بہتری آئی ہے، موسیٰ مندوخیل

مدتِ ملازمت میں دسمبر 2027 تک توسیع ایک مثبت اقدام ہے، تقریب سے خطاب

ژوب (آن لائن) ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ژوب شیخ موسیٰ خان مندوخیل اور ایس بی کے اساتذہ کے صدر داد خان مندوخیل نے کہا ہے کہ ایس بی کے اور کنٹریکٹ اساتذہ کی تعیناتی سے ضلع ژوب میں تعلیمی سرگرمیوں میں بہتری آئی ہے سکولوں میں داخلے کی شرح میں نمایاں اضافہ ہوا جبکہ غیر فعال اور کم افرادی قوت والے تعلیمی اداروں کو فعال بنانے میں ان اساتذہ نے اہم کردار ادا کیا ہے محکمہ تعلیم بلوچستان کی جانب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 63)

ڈی ای او اوستہ محمد کا مڈل سکول باغ ٹیل کا اچانک دورہ

خستہ حال کلاس رومز کا معائنہ، تعلیمی و انتظامی امور کا جائزہ، اساتذہ کی خدمات قابلِ تحسین ہیں، شبیر احمد لانگو

گنداخہ (آن لائن) ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر اوستہ محمد شبیر احمد لانگو نے مڈل سکول باغ ٹیل کا اچانک انتظامی دورہ کیا، جہاں انہوں نے سکول کی تعلیمی و انتظامی صورتحال، کلسٹر کے سامان، سکول بلڈنگ اور کلاس رومز کا تفصیلی معائنہ کیا اور دستیاب تعلیمی سہولیات کا جائزہ لیا۔ دورے کے موقع پر ڈپٹی ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن اوستہ محمد سید صدر علی شاہ اور کلسٹر فوکل پرسن سلطان احمد پندرانی بھی ان کے ہمراہ تھے۔ سکول کے ہیڈ انچارج عبدالروف راہوجہ نے ڈی ای او شبیر احمد لانگو کو سکول کے مجموعی انتظامی و تعلیمی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 62)

27 ستمبر سے قبل مسافر کوچز کی بندش ظالمانہ اقدام ہے، ٹرانسپورٹرز

قومی شاہراہوں پر فوری طور پر آمد و رفت بحال کی جائے، ظاہر شاہ کاکڑ

کوئٹہ (آن لائن) پنجاب خیبر پختونخوا بس یونین کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات ظاہر شاہ کاکڑ نے 27 ستمبر کے ممکنہ لانگ مارچ کے پیش نظر کوئٹہ سے خیبر پختونخوا جانے والی مسافر کوچز، بسوں اور دیگر گاڑیوں کی بندش اور انہیں ژوب کے قریب علاقے طور ناصر میں مسافروں سمیت روکے جانے کے اقدام کو ظالمانہ اور شدید قابلِ مذمت قرار دیتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ مسافر گاڑیوں کو روکنے کا سلسلہ فوری طور پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 61)

بنیادی حقوق پر امن جدوجہد جاری رہے گی، غلام سرور شیرانی

پی ایس ڈی پی میں شیرانی کے عوام کے لیے خاطر خواہ ترقیاتی منصوبے شامل نہیں کیے گئے

شیرانی (آن لائن) ضلع ہیڈ کوارٹر شیرانی، میر علی خیل (ستو رانڑہ) کی بحالی اور تمام سرکاری اداروں کی مکمل فعالیت کے لیے جاری پرامن دھرنا 207 ویں روز میں داخل ہوگیا۔ آل شیرانی حریفال اتحاد کے سربراہ سردار غلام سرور شیرانی نے قبائلی عمائدین اور نوجوانوں کے ہمراہ دھرنے میں شرکت کی۔ اس موقع پر سردار غلام سرور شیرانی، مولوی شمس الدین شیرانی، مولوی محمد امین شیرانی و دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ شیرانی کے عوام اپنے جائز اور بنیادی حقوق کے حصول کے لیے طویل عرصے سے پرامن جدوجہد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 60)

کوئٹہ، اولس آرٹس کونسل کے زیر اہتمام پشتون کلچر ڈے کے موقع پر پشتونخواہ نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی صدر نصر اللہ زیرے، عیسیٰ روشان، سید عبدالقادر آغا اور دیگر تصویری نمائش کا افتتاح کر رہے ہیں

ہر مسئلے کا حل بات چیت ہے، پی ٹی آئی احتجاج کی کال واپس لے، علیم خان

جماعت اسلامی کے ذمہ دارانہ اور حب الوطنی کے طرز عمل کو سراہتے ہیں، ہر مسئلے کا حل بات چیت اور ڈائیلاگ ہیں

موجودہ حالات میں ملک کسی احتجاج اور انتشار کا متحمل نہیں ہوسکتا، پی ٹی آئی کو بھی بات چیت کی طرف آنا چاہیے

لاہور (آن لائن) وفاقی وزیر مواصلات اور صدر استحکام پاکستان پارٹی عبدالعلیم خان نے جماعت اسلامی کے لانگ مارچ ختم کرنے پر رد عمل دیتے ہوئے کہا کہ جماعت اسلامی کے ذمہ دارانہ اور حب الوطنی کے طرز عمل کو سراہتے ہیں، ہر مسئلے کا حل بات چیت اور ڈائیلاگ میں ہی ہے۔ صدر استحکام پاکستان پارٹی عبدالعلیم خان نے جماعت اسلامی کی قیادت کو خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ تمام سیاسی جماعتیں بات چیت کے ذریعے تمام مسائل کا حل نکالیں، موجودہ حالات میں ملک کسی احتجاج اور انتشار کا متحمل نہیں ہوسکتا، تحریک انصاف کو بھی بات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

اوتھل، ماحولیاتی تحفظ اور جنگلی حیات سے متعلق آگاہی تقریب کا انعقاد

طلبا کو شجر کاری، پانی کے تحفظ اور قدرتی وسائل کی اہمیت سے روشناس کرایا گیا، پرنسپل محمد سلیم سرپرہ اور اساتذہ کا خطاب

اوتھل (آن لائن) گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائر سیکنڈری اسکول اوتھل میں جنگلی حیات، قدرتی وسائل اور ماحولیاتی تحفظ کے حوالے سے آگاہی سرگرمی کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر فوکل پرسن حیدر علی، ڈپٹی فوکل پرسن عبدالغفار اور ممبر محمد اکبر نے طلبا کو جنگلی حیات کے تنوع، قدرتی مسکن، درختوں کی اہمیت، پانی کے تحفظ اور آلودگی کے خاتمے کے حوالے سے آگاہی فراہم کی۔ پروگرام کے دوران تعلیمی ویڈیوز اور پریزنٹیشنز کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

میونسپل کمیٹی وندر کے زیر اہتمام آوارہ کتوں کے خلاف مہم کا آغاز کیا گیا

عوام کو صاف ستھرا اور محفوظ ماحول فراہم کرنا میونسپل کمیٹی کی ذمہ داری ہے، امام بخش

وندر (آن لائن) میونسپل کمیٹی وندر نے آوارہ کتوں کے خلاف کتا مار مہم کا آغاز کر دیا۔ چیئرمین میونسپل کمیٹی وندر امام بخش برہ، وائس چیئرمین عبدالحمید رونجہ، چیف آفیسر عبدالبصیر خان مندوخیل، سیکرٹری عنایت اللہ رانجھوڑ کی نگرانی میں میونسپل کمیٹی کا عملہ گزشتہ دو روز سے وندر شہر کے مختلف علاقوں، گلی محلوں اور آبادیوں میں آوارہ کتوں کے خلاف کارروائی میں مصروف ہے۔ اس حوالے سے میونسپل کمیٹی وندر کے ذمہ داران کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

JAANDAR 200
کوئٹہ: تین پہیوں والی گاڑی پر لوہے کے سریوں کی اوور لوڈنگ کا منظر، جو کہ کسی بھی ناخوشگوار حادثے کا سبب بن سکتا ہے

جے یو آئی کوئٹہ کے رہنماؤں کا سینئر صحافی سید عابد بخاری کے انتقال پر تعزیت کا اظہار

سید عابد بخاری ایک باکردار، شریف النفس اور پیشہ ور صحافی تھے، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالرحمٰن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد اور معاون سیکرٹری اطلاعات عبدالصمد حقیار نے روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ کے نیوز ایڈیٹر اور سینئر صحافی سید عابد بخاری کے انتقال پر گہرے رنج و غم اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سید عابد بخاری ایک باکردار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

شمشاد رائٹرز فورم کا سینئر صحافی سید عابد بخاری کے انتقال پر گہرے دکھ اور رنج کا اظہار

سید عابد بخاری ایک شفیق، ملنسار اور پیشہ ور صحافی تھے، ان کا بچھڑنا صحافتی برادری کے لیے ناقابلِ تلافی نقصان ہے، حافظ محمد صدیق مدنی

کوئٹہ (آن لائن) شمشاد رائٹرز فورم پاکستان کے مرکزی صدر اور سابق ممبر یوتھ پارلیمنٹ حافظ محمد صدیق مدنی، جنرل سیکرٹری غلام محمد مخلص، سیکرٹری اطلاعات اختر محمد عسکر، شیر محمد سلیمان خیل، گل ترین اور حافظ سیف الرحمان صدیق نے ایکسپریس نیوز کوئٹہ بیورو کے ڈیسک انچارج اور سینئر صحافی سید عابد بخاری کے اچانک انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سید عابد بخاری ایک شفیق، مخلص (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 59)

کوئٹہ: ایسٹرن بائی پاس پر ٹریکٹر ٹرالی اور چنگچی کے تصادم کے نتیجے میں گرنے والے سامان کا منظر

انجینئر زمرک خان اچکزئی کا سینئر صحافی سید عابد شاہ بخاری کے انتقال پر اظہارِ افسوس

بولان (جی این ایم) عوامی نیشنل پارٹی کے پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک خان اچکزئی نے سینئر صحافی سید عابد شاہ بخاری کے انتقال پر گہرے رنج و غم اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں انجینئر زمرک خان اچکزئی نے مرحوم کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سید (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

پی ٹی آئی مارچ: پنڈی اور اٹک میں موبائل و انٹرنیٹ سروسز ڈاؤن گریڈ کرنے کا فیصلہ

لاہور (آن لائن) ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب نے کہا ہے کہ راولپنڈی ریجن میں 27 ستمبر سے موبائل اور انٹرنیٹ سروسز ڈاؤن گریڈ کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ محکمہ داخلہ پنجاب نے وفاقی وزارت داخلہ کو موبائل اور انٹرنیٹ سروسز ڈاؤن گریڈ کرنے کیلئے مراسلہ ارسال کر دیا، راولپنڈی میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

جامعہ گوادر کے شعبہ معاشیات کے بورڈ آف اسٹڈیز کا دوسرا اجلاس منعقد

اجلاس میں بین الشعبہ جاتی تعلیم اور علاقائی اہمیت کے حامل مضامین کو اہمیت پر زور دیا

گوادر (آن لائن) جامعہ گوادر کے شعبہ معاشیات کے بورڈ آف اسٹڈیز کا دوسرا اجلاس پی سی ٹی وی آئی کے کانفرنس ہال میں منعقد ہوا، جس میں بی ایس اکنامکس پروگرام سے متعلق اہم تعلیمی امور اور مجوزہ نصابی اصلاحات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کی صدارت جامعہ گوادر کے ڈین فیکلٹی آف سوشل سائنسز، پروفیسر ڈاکٹر جان محمد نے کی۔ شعبہ معاشیات کی چیئرپرسن محترمہ شمع سلیمان نے مختلف تعلیمی امور پر ہونے والی گفتگو کی قیادت کی۔ اجلاس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 58)

توانائی کے حصول میں مشکلات کے معاشی اثرات مرتب ہوتے ہیں، وزیر خزانہ

وزیرِ خزانہ کی توانائی کے تحفظ، ایوی ایشن، صحت اور موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے سے متعلق امور پر اہم ملاقاتیں اور تبادلہ خیال

موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کی صلاحیت کا آغاز ملکی معاشی استحکام اور مناسب مالیاتی و بیرونی گنجائش سے ہونا چاہیے، گفتگو

نیویارک (آن لائن) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ جغرافیائی و سیاسی تنازعات اور ایندھن کی فراہمی میں رکاوٹوں کے باعث عالمی توجہ توانائی کی منتقلی سے بڑھ کر توانائی کے تحفظ کے فوری چیلنج کی جانب مرکوز ہو گئی ہے، ادویات کی قابلِ استطاعت قیمتوں، تجارتی پائیداری اور فراہمی کے تسلسل کے درمیان توازن کی ضرورت ہے، لاس اینڈ ڈیمج فنڈ کو فعال بنانے میں سست پیش رفت قابلِ تشویش ہے، موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کی صلاحیت کا آغاز ملکی معاشی استحکام اور مناسب مالیاتی و بیرونی گنجائش سے ہونا چاہیے۔ وہ اقوام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

خضدار، منشیات اور نشہ آور اشیا کے بڑھتے ہوئے استعمال پر تشویش، انتظامیہ سے سخت کارروائی کا مطالبہ

روایتی منشیات کے ساتھ گٹکا، ماوا، نشہ آور گولیاں اور انجیکشنز نوجوان نسل کو تباہ کر رہے ہیں، رات کے اوقات میں نگرانی بڑھائی جائے

خضدار (آن لائن) ضلع خضدار میں منشیات اور مختلف نشہ آور اشیا کے بڑھتے ہوئے استعمال نے ایک سنگین سماجی مسئلے کی شکل اختیار کرلی ہے۔ معاملہ صرف چرس، ہیروئن یا دیگر روایتی منشیات تک محدود نہیں، بلکہ سگریٹ، نسوار، گٹکا، ماوا، چھالیہ، شراب، مختلف نشہ آور گولیوں اور انجیکشنز کے استعمال کے حوالے سے بھی تشویش بڑھ رہی ہے بدقسمتی سے معاشرے میں آج بھی نشے کو اکثر صرف چرس، شیشہ یا ہیروئن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

پاکستان نے تاریخ رقم کر دی، اقوام متحدہ میں ٹوکنائزیشن پر پہلے پالیسی ڈائیلاگ کی مشترکہ میزبانی

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان نے اقوام متحدہ میں ٹوکنائزیشن، ایمرجنگ ٹیکنالوجیز اور مستقبل کے مالیاتی نظام پر پہلے پالیسی ڈائیلاگ کی مشترکہ میزبانی کی، جس میں ڈیجیٹل فنانس کے مستقبل اور ترقی پذیر ممالک کے کردار پر گفتگو کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

پٹرولیم لیوی ختم کر دی جائے ورنہ عوام حکومت گرانے نکل پڑینگے، حافظ نعیم

پیٹرول پر لیوی خاتمے کیلئے ہم 2 ماہ سے زائد عرصے سے جدوجہد کر رہے ہیں، لیوی کا پیٹرول کی قیمت سے کوئی تعلق نہیں

لیوی کے خاتمہ تک لانگ مارچ سے دستبردار نہیں ہونگے، بدقسمتی سے بڑی سیاسی پارٹیاں عوامی مسائل پر آواز نہیں اٹھاتیں

اسلام آباد (آن لائن) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ پٹرولیم لیوی کے خلاف دھرنوں اور احتجاج میں مزید وسعت آئے گی، لانگ مارچ کے حق سے کسی صورت دستبردار نہیں ہوں گے، وزیر اعظم کی درخواست پر مارچ کو چند روز کے لیے روکا گیا ہے، شہباز شریف کی وطن واپسی پر ملاقات میں عوام کو ریلیف نہ دیا گیا تو قافلے اسلام آباد کی جانب چل پڑیں گے۔ بہتر یہی ہے لیوی ختم کر دی جائے بصورت دیگر عوام حکومت گرانے کے لیے نکل پڑیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسلام آباد میں پریس کانفرنس سے خطاب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

عابد بخاری کی صحافتی خدمات ناقابلِ فراموش ہیں، شاہد رند

مثبت صحافت کے فروغ میں ان کا کردار ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، معاون خصوصی شاہد

کوئٹہ (جی این ایم) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے سینئر صحافی عابد بخاری کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی صحافتی خدمات کو ناقابلِ فراموش قرار دیا ہے۔ شاہد رند نے کہا کہ عابد بخاری نے ہمیشہ مثبت صحافت کے فروغ کے لیے اپنا عملی کردار ادا کیا اور صحافتی میدان میں ان کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اس دکھ کی گھڑی میں وہ غمزدہ خاندان کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)

بسیمہ کے علاقے دالی سے ایک نامعلوم شخص کی لاش برآمد

بسیمہ (آن لائن) بسیمہ کے علاقے دالی سے ایک نامعلوم شخص کی لاش برآمد ہوئی ہے۔ پولیس نے لاش کو شناخت کے لیے سول ہسپتال بسیمہ منتقل کر دیا، جہاں اسے رکھا گیا ہے۔ ہسپتال ذرائع کے مطابق نامعلوم شخص کو گولیاں مار کر قتل کیا گیا ہے، جبکہ مقتول کی شناخت تاحال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 57)

کوئٹہ، سریاب روٹ کی گرین بس میں جیب تراشی کی وارداتیں بڑھ گئیں

مسافروں کے تحفظ کے لیے کوئی مؤثر اقدامات نہیں کیے جا رہے، ملزمان کی فوری گرفتاری اور موبائل کی برآمدگی کا مطالبہ

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے سریاب روٹ پر چلنے والی گرین بس میں سفر کے دوران نامعلوم جیب کتراں نے جیب کاٹ کر مقامی اخبار کے کمپیوٹر آپریٹر محمد عوض کا قیمتی موبائل فون چوری کر لیا ہے۔ اس واقعے پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ سریاب روٹ پر چلنے والی گرین بس میں آئے روز جیب تراشی اور چوری کی وارداتیں مسلسل رونما ہو رہی ہیں، مگر ان گھناؤنے واقعات کی روک تھام اور مسافروں کی جان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)

تربت، نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق

تربت (آن لائن) کلاتک کے علاقے اللہ بخت میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہو گیا۔ مقتول کی شناخت عبیداللہ ولد ابراہیم کے نام سے ہوئی ہے۔ ذرائع کے مطابق عبیداللہ کو تین موٹر سائیکلوں پر سوار چھ نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کا نشانہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

قرض پروگرام کی اگلی قسط، آئی ایم ایف مشن پاکستان پہنچ گیا

کراچی (آن لائن) قرض پروگرام کی اگلی قسط پر اقتصادی جائزہ مذاکرات کے لیے انٹرنیشنل مانیٹری فنڈ (آئی ایم ایف) مشن پاکستان پہنچ گیا۔ وزارتِ خزانہ کے ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف مشن اس وقت کراچی میں موجود ہے، جو اسٹیٹ بینک حکام سے مذاکرات کا آغاز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

کوئٹہ، ایڈیشنل آئی جی پی کمانڈنٹ پولیس اشفاق احمد کوئٹہ میں پولیس کانسٹیبلز کی بھرتی کے لئے انٹرویو لے رہے ہیں

اولیائے کرام و صوفیائے عظام کی دینی و روحانی خدمات امت کا قیمتی سرمایہ ہے، ذوالفقار طارق

خانقاہوں نے ہمیشہ امن، محبت، اخوت اور بھائی چارے کا پیغام عام کیا، رہنماء اہلسنت والجماعت کا بیان

کوئٹہ (آن لائن) اہل سنت و جماعت کے رہنما فیضان اولیاء کے بانی ذوالفقار علی طارق قادری نے اپنے رفقاء کے ہمراہ سبی میں شیخ المشائخ حضرت حاجی محمد حنبل بابا رحمۃ اللہ علیہ کے مزار اقدس پر حاضری دی اس موقع پر شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اولیائے کرام اور صوفیائے عظام کی دینی، روحانی اور اصلاحی خدمات تاریخ اسلام کا روشن باب ہیں، جنہیں کسی بھی صورت فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ اولیائے کرام نے اپنی زندگیوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

اسرائیل کو معلوم ہے کہ ایرانی رہنما کہاں چھپے ہیں، اسرائیلی سفیر

نیویارک (آن لائن) اقوام متحدہ میں اسرائیلی سفیر ڈینی ڈینون کا کہنا ہے کہ اسرائیل کو معلوم ہے کہ ایرانی رہنما کہاں چھپے ہیں۔ اسرائیلی سفیر نے امریکی میڈیا کو دیے گئے ایک انٹرویو میں یہ بات کہی ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ اسرائیل کو معلوم ہے کہ ایران کے رہنما کہاں چھپے ہوئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)